Registration No.3942
www.idealpakistannews.com
ABC CERTIFIED
DAILY IDEAL PAKISTAN
روزنامہ آئیڈیل پاکستان
ملتان
اسلام آباد
بانی: غلام مصطفیٰ جتوئی
چیف ایڈیٹر: ساجد جتوئی 00923339233351
ایڈیٹر: ڈاکٹر بلال راؤ
جلد 14 | جمعرات 24 اکتوبر 2024ء 20 ربیع الثانی 1446ھ قیمت 15 روپے | شمارہ 56

نیب ترامیم کیس اکثریتی فیصلے میں اصل مدعے پر خاطر خواہ جواز فراہم نہیں کیا گیا

جسٹس حسن اظہر رضوی کا اضافی نوٹ

فیصلے سے متفق ہوں لیکن وجوہات کی توثیق پر خود کو قائل نہیں کر سکا، عدالتی وقار کا تقاضہ ہے اختلاف تہذیب کے دائرے میں رہ کر کیا جائے

انٹرا کورٹ اپیل اپنے ہی فیصلے کا دوبارہ جائزہ لینے کیلئے ہے، سپریم کورٹ میں انٹرا کورٹ اپیل کسی ماتحت عدالت کے فیصلے کیخلاف نہیں ہوتی

اسلام آباد(بیورو رپورٹ)نیب ترامیم کیس میں سپریم کورٹ کے جج جسٹس حسن اظہر رضوی نے اضافی نوٹ جاری کردیا جس میں کہا گیا ہے کہ فیصلے سے متفق ہوں لیکن وجوہات کی توثیق پر خود کو قائل نہیں کر سکا، اکثریتی فیصلے میں اصل مدعے پر خاطر خواہ جواز فراہم نہیں کیا گیا۔جسٹس حسن اظہر رضوی نے 22 صفحات کا اضافی نوٹ جاری کیا۔اضافی نوٹ میں جسٹس حسن اظہر رضوی نے کہا ہے کہ فیصلے سے متفق ہوں لیکن وجوہات کی توثیق پر خود کو قائل نہیں کر سکا، اکثریتی فیصلے میں اصل مدعے پر خاطر خواہ جواز فراہم نہیں کیا گیا۔جسٹس حسن اظہر رضوی نے کہا کہ فیصلے میں سابق ججز سے متعلق غیر مناسب ریمارکس دیے گئے، عدالتی وقار کا تقاضہ ہے کہ اختلاف تہذیب کے دائرے میں رہ کر کیا جائے۔اضافی نوٹ میں کہا گیا کہ تنقید کا محور فیصلے کے قانونی اصول ہوں (بقیہ نمبر 1)

اسلام آباد، وزیراعظم شہباز شریف تقریب سے خطاب کررہے ہیں

خیبر پختونخوا کابینہ کا اجلاس (آج) طلب کرلیا گیا

اجلاس کے لیے 42 نکاتی ایجنڈے کے ساتھ 8 نکاتی اضافی ایجنڈا بھی جاری کردیا گیا

پشاور(این این آئی) خیبر پختونخوا کابینہ کا اجلاس (آج) جمعرات طلب کرلیا گیا۔ اجلاس کے لیے 42 نکاتی ایجنڈے کے ساتھ 8 نکاتی اضافی ایجنڈا بھی جاری کردیا گیا، ایجنڈے میں احساس اپنا گھر اسکیم کی منظوری بھی شامل ہے جبکہ پشاور میں قبرستان کے لیے اراضی کی منظوری بھی ایجنڈے کا حصہ ہے۔ بیرون ممالک میں مقیم خیبر پختونخوا کے رہائشیوں کی میتیں ایئرپورٹ سے آبائی علاقوں (بقیہ نمبر 2)

پاکستان فلسطینیوں کا گھر ہے، وزیراعظم

کھلے دل سے فلسطینی طلبہ کو خوش آمدید کہتے ہیں' پاکستان جتنا میرا گھر ہے اتنا ہی آپ کا ہے، ہمارے دل آپ کے ساتھ دھڑکتے ہیں، عوام مشکل کی اس گھڑی میں فلسطینی اور لبنانی بھائیوں کے ساتھ کھڑے ہیں' شہباز شریف

عالمی برادری نے اسرائیلی جارحیت روکنے کیلئے مؤثر کردار ادا نہیں کیا، اسرائیل نے اقوام متحدہ کی قراردادوں، عالمی سفارشات کو ردی کی ٹوکری میں پھینک دیا، زیر تعلیم فلسطینی طلبہ کے اعزاز میں منعقدہ تقریب سے خطاب

اسلام آباد (این این آئی)وزیر اعظم شہباز شریف نے کہا ہے کہ فلسطین میں جارحیت پر دنیا خاموش تماشائی بنی ہوئی ہے، عالمی برادری نے جنگ بندی کے لیے مؤثر کردار ادا نہیں کیا، اسرائیل نے اقوام متحدہ کی قراردادوں، عالمی سفارشات کو ردی کی ٹوکری میں پھینک دیا۔پاکستان (بقیہ نمبر 7)

آئینی ترمیم کی منظوری پر پارلیمانی بالادستی مارچ کرنے کا فیصلہ

حسن مرتضیٰ کی قیادت میں 15 رکنی آرگنائزنگ کمیٹی قائم کر دی گئی

لاہور (این این آئی) پیپلز پارٹی نے 26ویں آئینی ترمیم کی منظوری پر پارلیمانی بالادستی مارچ کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔اس سلسلے میں صدر پی پی وسطی پنجاب نے جنرل سیکرٹری حسن مرتضیٰ کی قیادت میں 15 رکنی آرگنائزنگ کمیٹی قائم کر دی ہے، کمیٹی میں اسلم گل، میاں مصباح الرحمٰن،(بقیہ نمبر 8)

رواں مالی سال چین کی پاکستان میں سرمایہ کاری میں 164 فیصد اضافہ

اسلام آباد(این این آئی)مالی سال 2024-25 کی پہلی سہ ماہی کے دوران پاکستان میں چین سے 404 ملین ڈالر (بقیہ نمبر 6)

وزیراعلیٰ پنجاب پنجاب انسٹی ٹیوٹ آف کارڈیالوجی کے دورے کے موقع پر زیر علاج مریض کی عیادت کررہے ہیں

جبری گمشدگیاں قابض بھارتی افواج کے جبر کی علامت بن چکی ہیں، پاکستان

جموں و کشمیر میں بھارتی حکام منظم طریقے سے جبری گمشدگیوں کو عوام کی آواز دبانے کیلئے جبر کے ہتھکنڈے کے طور پر استعمال کررہے ہے

بھارت کے غیر قانونی زیر تسلط جموں و کشمیر میں کئی دہائیوں سے کشمیری عوام خوف اور تشدد کے ماحول کا سامنا کررہے ہیں' سرفراز گوہر

اقوام متحدہ(این این آئی) پاکستان نے شہریوں کے حقوق کے تحفظ کے عزم کا اعادہ کرتے ہوئے اقوام متحدہ کو بتایا ہے کہ بھارت کے غیر قانونی زیر تسلط جموں وکشمیر میں بھارتی حکام منظم طریقے سے جبری گمشدگیوں کو کشمیری عوام کی ا?واز دبانے کے لیے جبر کے ہتھکنڈے کے طور پر استعمال (بقیہ نمبر 3)

26ویں آئینی ترمیم کے معاملے پر سوچ سمجھ کر حکومت کا ساتھ دیا ہے، مبارک زیب

پشاور(این این آئی) باجوڑ سے رکن قومی اسمبلی (ایم این اے)مبارک زیب نے کہا ہے کہ انہوں نے 26 ویں آئینی ترمیم کے معاملے (بقیہ نمبر 5)

وزیر داخلہ محسن نقوی کی ترکیہ میں دہشت گرد حملے کی شدید مذمت

دکھ کی گھڑی میں ترکیہ حکومت اور عوام کیساتھ مکمل یکجہتی کا اظہار کرتے ہیں، محسن نقوی

اسلام آباد(این این آئی)وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے ترکیہ میں دہشت گردی کے واقعے کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے تین افراد کے جاں بحق ہونے پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی کی انقرہ میں دہشتگردوں کے حملے کی شدید (بقیہ نمبر 4)

مہنگائی 7 فیصد پر آگئی، بجلی میں کمی کیلئے ٹاسک فورس بنائی ہے، وزیر مملکت خزانہ

مہنگائی مسلسل کم ہورہی ہے کوشش ہے کہ فائدہ نیچے تک جائے وزیراعظم خود مہنگائی کی کمی کے اقدامات کی نگرانی کررہے ہیں' علی پرویز

کوشش ہے کہ فائدہ نیچے تک جائے، حکومت ہر قسم کی ٹیکس چوری روکنے کے لئے اقدامات کر رہی، قومی اسمبلی میں توجہ دلاؤ نوٹس پر جواب

اسلام آباد(بیورو رپورٹ) قومی اسمبلی کے اجلاس میں وزیر مملکت برائے خزانہ علی پرویز ملک نے کہا ہے کہ مہنگائی پچھلے سال 38 فیصد پر تھی، اب سات فیصد پر آگئی ہے، وزیراعظم خود مہنگائی کی کمی کے اقدامات کی نگرانی کررہے ہیں بجلی کی قیمتوں میں کمی کیلئے ٹاسک فورس بنائی گئی ہے ان خیالات کا اظہار انہوں نے قومی اسمبلی اجلاس میں وقفہ سوالات میں سوالات کے جوابات دیتے ہوئے کیا انہوں نے کہا کہ مہنگائی مسلسل کم ہورہی ہے کوشش ہے کہ فائدہ نیچے تک جائے وزیراعظم خود مہنگائی کی کمی کے اقدامات کی نگرانی کررہے ہیں بجلی کی قیمتوں میں کمی کیلئے ٹاسک فورس بنائی گئی ہے رکن اسمبلی سید فضل علی شاہ نے کہا کہ بجلی سستی کردیں، اس پر علی پرویز ملک نے کہا کہ اس پر وزیراعظم نے ٹاسک فورس بنائی ہوئی ہے، آپ نے بہتری آتی دیکھی ہے، شازیہ ثوبیہ کا افراط زر سے متعلق سوال کرتے ہوئے کہا کہ پھل (بقیہ نمبر 9)

عوام کی خدمت ہی ہماری اولین ترجیح، مسلم لیگ (ن) کا منشور بھی ہے، مریم نواز

وزیراعلیٰ پنجاب سے اراکین صوبائی اسمبلی صفدر حسین ساہی، زبیر خان کی ملاقات، ڈویلپمنٹ، عوامی مسائل، سیاسی صورتحال، پارٹی امور پر گفتگو

اپنی چھت، اپنا گھر پروگرام سے ہزاروں خاندانوں کو اپنی چھت میسر آئے گی' وزیراعلیٰ مریم نواز ہر وقت عوامی خدمت سرگرم نظر آتی ہیں' صفدر حسین' زبیر خان

لاہور(سیاسی رپورٹر)وزیر اعلی پنجاب مریم نوازشریف سے اراکین پنجاب اسمبلی صفدر حسین ساہی اور زبیر خان نے ملاقات کی جس میں ڈویلپمنٹ ،عوامی مسائل، سیاسی صورتحال اور پارٹی امور پر گفتگو کی گئی ۔ ارکان پنجاب اسمبلی نے وزیر اعلی مریم نوازشریف کے عوامی فلاحی ویژن کو سراہا۔ مریم نواز شریف نے کہا کہ عوام کی خدمت ہی ہماری اولین ترجیح اور مسلم لیگ (ن) کا منشور بھی ہے، مختصر مدت میں پنجاب کو حقیقی معنوں میں ترقی کی راہ پر گامزن کیا ہے۔ صفدر حسین ساہی نے کہا کہ اپنی چھت، اپنا گھر پروگرام سے ہزاروں خاندانوں کو اپنی چھت میسر آئے گی۔ زبیر خان نے کہا کہ وزیر اعلی مریم نوازشریف ہر وقت عوامی خدمت سرگرم نظر آتی ہیں۔ اپنی چھت، اپنا گھر پروگرام سے ہزاروں خاندانوں کو اپنی چھت میسر آئے گی' وزیراعلیٰ مریم نواز ہر وقت عوامی خدمت سرگرم نظر آتی ہیں۔

ابوالخیر محمد زبیر ملی یکجہتی کونسل کے صدر، لیاقت بلوچ سیکرٹری جنرل منتخب

اجلاس میں امیر جماعت اسلامی حافظ نعیم الرحمٰن نے خصوصی شرکت کی اور نومنتخب قائدین کے لیے نیک تمناوں کا اظہار کیا

اجلاس میں 21 جماعتوں کے قائدین اور نمائندگان نے شرکت کی، ملی یکجہتی کونسل میں دیگر جماعتوں کی شمولیت ممکن بنانے کے لیے رابطے تیز کیے جائیں گے

اجلاس مجلس قائدین (سپریم کونسل)
ملی یکجہتی کونسل پاکستان

اسلام آباد(سٹی رپورٹر) ملی یکجہتی کونسل کی مجلس قائدین نے کونسل کے دستور کی روشنی میں اتفاق رائے سے فیصلہ کیا ہے کہ صاحبزادہ ابوالخیر ڈاکٹر محمد زبیر آئندہ تین برس کے لیے کونسل کے صدر جبکہ لیاقت بلوچ سیکرٹری جنرل ہوں گے۔ منصورہ میں ہونے والے اجلاس میں امیر جماعت اسلامی حافظ نعیم الرحمٰن نے خصوصی شرکت کی اور نومنتخب قائدین کے لیے نیک تمناوں کا اظہار کیا۔ اجلاس میں 21 جماعتوں کے قائدین اور نمائندگان نے شرکت کی اور فیصلہ کیا گیا کہ ملی یکجہتی کونسل میں دیگر جماعتوں کی شمولیت ممکن بنانے کے لیے رابطے تیز کیے جائیں گے اور اس سلسلے میں ایک کمیٹی تشکیل دی جائے گی، اسی طرح دستور ملی یکجہتی کونسل میں تجاویز کی شمولیت اور ترامیم، ممبر جماعتوں کو فعال بنانے اور مالیاتی امور کے لیے بھی کمیٹیاں تشکیل دی گئیں۔ اجلاس میں علامہ عارف واحدی، پروفیسر محمد ابراہیم، مولانا عبدالمالک، پیر ہارون گیلانی، علامہ شبیر حسن میثمی، پیر عبدالرحیم نقشبندی، قاری یعقوب شیخ، مولانا عبدالغفار روپڑی، مولانا نعیم بادشاہ، خرم نواز گنڈاپور، سید لطیف الرحمٰن شاہ، پیر غلام رسول اویسی، سید ضیا اللہ شاہ بخاری، مفتی گلزار احمد نعیمی، قاضی ظفر الحق، پیر سید صفدر شاہ گیلانی، ڈاکٹر سید علی عباس نقوی، سید اسد نقوی، مرزا ایوب بیگ، نذیر احمد جنجوعہ، چودھری فرحان شوکت ہنجرا، محمد یونس شیخ و دیگر قائدین شریک تھے۔ اجلاس کے بعد میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے نومنتخب صدر ملی یکجہتی کونسل صاحبزادہ ابوالخیر محمد زبیر نے کہا کہ مجلس قائدین نے غزہ میں جاری اسرائیلی دہشت گردی کی پرزور مذمت کی ہے اور اس امر پر افسوس اور تشویش کا اظہار کیا ہے کہ اسلامی ممالک کے حکمران اور بالخصوص پاکستان کی حکومت ان مظالم پر خاموش ہے۔ انھوں نے زور دیا کہ حکومت پاکستان غزہ پر اسلامی سربراہی کانفرنس یا کم از کم وزرائے خارجہ کا اجلاس بلائے جو اہل فلسطین کو صہیونی مظالم سے نجات دلانے کے لیے واضح اور دوٹوک موقف اختیار کرتے ہوئے عملی اقدامات اٹھائے۔ انھوں نے مقبوضہ کشمیر میں جاری بھارتی دہشت گردی کی بھی پرزور مذمت کی اور حکومت پرزور دیا کہ کشمیر کاز کے لیے جاندار موقف اپنائے۔ انھوں نے کہا کہ ملی یکجہتی کونسل ملک میں قیام امن اور مختلف مسالک کے مابین ہم آہنگی کے لیے جدوجہد کر رہی ہے، تاہم دیکھنے میں آیا ہے کہ ملک میں ایک منظم سازش کے ذریعے فرقہ واریت پھیلائی جا رہی ہے، حکومت اس کی روک تھام کے لیے اقدامات اٹھائے۔ انھوں نے مبارک ثانی کیس میں سپریم کورٹ کے فیصلے کی تحسین کی اور حکومت پر زور دیا کہ قادیانی سازشوں کو روکنے اور انھیں آئین کا پابند بنانے کے لیے لائحہ عمل طے کرے۔ انھوں نے 26 ویں آئینی ترمیم میں سود کے خاتمہ سے متعلق شق کی شمولیت کو بھی سراہا تاہم یہ وضاحت کی کہ حکومت جب تک سود کے خاتمے کا واضح روڈ میپ نہیں دیتی ان کا یہ عمل محض عوام کو مطمئن کرنے کی سیاسی چال ہی گردانا جائے گا۔ انھوں نے امیر جماعت کا ملی یکجہتی کونسل کے اجلاس کی میز بانی کرنے پر شکریہ ادا کیا۔ نومنتخب سیکرٹری جنرل ملی یکجہتی کونسل و نائب امیر جماعت اسلامی لیاقت بلوچ نے کہا کہ ملی یکجہتی کونسل کی مجلس کے قائدین نے اس امر پر زور دیا ہے کہ آئین پاکستان جو کہ ایک متفقہ دستاویز ہے کو متنازع بنانے سے گریز کیا جائے، حالیہ آئینی ترمیم پر قومی اتفاق رائے نہیں ہوا جس سے آئین کی روح اور تقدس پامال ہوئے، حکومت کا اصل کا کام قرآن وسنت کی بالادستی کا قیام، آزادی عدلیہ کی تشکیل اور اسلامی معاشی نظام کو مضبوط بنانا ہے۔ انھوں نے کہا کہ ملی یکجہتی کونسل خیبر پختونخوا پاراچنار میں فرقہ واریت کے خاتمے کے لیے جرگہ تشکیل دے کر کردار ادا کرے گی۔ انھوں نے قوم کی بیٹی ڈاکٹر عافیہ صدیقی کی رہائی کے لیے وزیراعظم کے امریکی صدر کو خط اور اپیل کو سراہا تاہم حکومت سے مطالبہ کیا کہ محض خطوط کے تبادلے سے مظلوم عافیہ کی رہائی ممکن نہیں ہوگی اس کے لیے تمام سفارتی و سیاسی کاوشیں بروئے کار لائی جائیں۔ انھوں نے لاپتا افراد کا مسئلہ حل کیا جائے، اگر کسی شخص نے کوئی جرم کیا ہے تو اسے قانون کے مطابق سزا دی جائے، تاہم یہ کسی صورت مناسب نہیں ہے کہ لوگوں کو غائب کر دیا جائے۔ اجلاس میں متفقہ قرارداد منظور کی گئی جس میں کہا گیا ہے کہ ملی یکجہتی کونسل کا یہ اجلاس مقبوضہ کشمیر اور فلسطین میں جاری بدترین مظالم کی پرزور مذمت کرتا ہے۔ اجلاس کے تمام شرکا کا اتفاق ہے کہ دونوں مقبوضہ خطوں میں ہندوتوا نواز بھارتی حکومت اور صہیونی ایجنڈا پر گامزن نتین یاہو حکومت مسلمانوں کی نسل کشی کررہے ہیں۔ یہ اجلاس ان مظالم اور سفاکیت پر اسلامی ممالک کے اکثر حکمرانوں کی خاموشی کی بھی مذمت کرتا ہے۔ یہ اجلاس زور دیتا ہے کہ اسلامی ممالک متحد ہوکر اسرائیل اور بھارت سے دونوں خطوں کے عوام کو نجات دلانے میں عملی کردار ادا کریں۔ 27 اکتوبر خطہ کشمیر کی تاریخ کا سیاہ دن ہے۔ آج سے سات دہائیاں قبل بھارتی افواج نے عوامی امنگوں اور جمہوری اقدار کی خلاف ورزی کرتے ہوئے کشمیر پر قبضہ جمایا۔ کشمیری عوام اس وقت سے لے کر آج تک بھارتی تسلط سے آزادی کے لیے جدوجہد کررہے ہیں، اس جدوجہد میں اب تک لاکھوں کشمیری شہید ہوچکے ہیں، قربانیوں کی ایک لازوال داستان ہے، یہ اجلاس اس جدوجہد کو سلام پیش کرتا ہے۔ یہ اجلاس پاکستانی عوام کی جانب سے کشمیریوں کو یقین دلاتا ہے کہ ہم سب تحریک حریت کے ساتھ کھڑے ہیں۔ یہ اجلاس پاکستان کے چند حکمران خاندانوں کی بھارت سے دوستی کی پینگیں بڑھانے کی پرزور مذمت کرتا ہے اور اس امر پر بھی افسوس کا اظہار کرتا ہے کہ اسلام آباد میں ہونے والی حالیہ ایس سی او سربراہی کانفرنس میں پاکستان کی حکومت کی طرف کشمیر اور مسئلہ فلسطین پر گفتگو نہیں کی گئی۔ یہ اجلاس واضح کردینا چاہتا ہے کہ کشمیریوں کے خون پر بھارت سے کسی قسم کے تعلقات استوار نہیں ہوسکتے۔ اجلاس مطالبہ کرتا ہے کہ سابق آرمی جنرل ریٹائرڈ چیف قمر جاوید باجوہ کے دور میں مقبوضہ کشمیر پر مودی حکومت سے سودے بازی کی رپورٹس پر دفتر خارجہ وضاحت کرے۔ بصورت دیگر قوم میں یہ تاثر تقویت پکڑے گا کہ نئی دہلی اور اسلام آباد نے مل کر کشمیریوں کی تحریک آزادی کی پیٹھ میں چھرا گھونپا۔ یہ اجلاس اس عہد کا اعادہ کرتا ہے کہ 27 اکتوبر کو ملک بھر کشمیریوں سے اظہار یکجہتی کے لیے یوم سیاہ منایا جائے گا۔

nni
Quetta Press Club
پریس کانفرنس

کوئٹہ، پبلک اکاؤنٹیبلٹی فورم کے صدر میر ہیرام لہڑی، چوہدری امتیاز، ندیم اور پریس کانفرنس کررہے ہیں

نیوسعید آباد، ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر رحمت اللہ رند کا اسیمبلی کے دوران گورنمنٹ بوائز ہائی اسکول دورہ

طلبہ کو تعلیمی سرگرمیوں میں شرکت اور نمایاں نمبرز لینے کی ہدایت کی

نیوسعید آباد(رپورٹ:رسول بخش جتوئی ٹڑت)ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر ایلیمنٹری، سیکنڈری اینڈ ھایر سیکینڈری مٹیاری رحمت اللہ رند نے اسیمبلی کے دوران گورنمنٹ بوائز ہائی اسکول پیر جھنڈو کا دورہ کیا، اس موقع پر سیرت النبی صہ کے ڈویزنل سطح کے کامپیٹیشن پروگرام میں دوسری پوزیشن حاصل کرنے والی گورنمنٹ ہائی اسکول پیر جھنڈو کی طالبہ اسمہ سھیل ڈاہری کو اپریشیئیٹ کیا اور سندھ کی ثقافت اجرک اور کیش پرائیز کا انعام دیا اور اسمہ کو ضلع مٹیاری کے طلبہ و طالبات کے لیے رول ماڈل قرار دیا، اس موقع پر طلبہ کو تعلیمی سرگرمیوں میں شرکت اور نمایاں نمبرز لینے کی ہدایت کی، ڈی ای او مٹیاری نے کلاسز کا جائزہ لیا اور استاتذہ کے کام کی تعریف کی، اور اپنے عزم کو دہرایا کہ معصوم بچوں کی تعلیم اور اساتذہ کی وقت کے ساتھ حاضری کے معاملات پر کسی قسم کی کوئی کوتاہی برداشت نہیں کی جائے گی، دوسری جانب ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر مٹیاری رحمت اللہ رند نے ٹریننگ کالج حیدر آباد میں مٹیاری ضلع کے جے ای ایس ٹی اساتذہ کی ٹریننگ سینٹر کا دورہ کیا اور کلاسز کا جائزہ لیا اور ماسٹر ٹرینیز اور ٹرینی اساتذہ سے بات چیت کی بعد ازاں ڈی ای او مٹیاری نے ڈائریکٹر اسکول ایجوکیشن حیدر آباد کے زیر اہتمام بیسٹ ٹیچرز ایوارڈ قریب میں شرکت کی اور بہترین کارکردگی پیش کرنے والا اساتذہ کو مبارکباد دی اور نیک خواہشات کا اظہار کیا۔اس موقع پر پیر جھنڈو کے ھیڈ ماسٹر سہیل ڈاہری اسلم پرویز سمون حافظ اشرف خشک شاہ سعود محمد بخش جمالی الاھی بخش لاکھو سمیت ودیگر اساتذہ موجود تھے

جو شخص بیماری کی حالت میں وفات پا جائے اللہ کریم اس شخص کے گناہ معاف فرما دیتا ہے

خدمت خلق کرتے وفات پانے والا اللہ تعالیٰ کا محبوب بندہ ہوتا ہے، علامہ محمد عابد شفیع

مظفرگڑھ(ڈسٹرکٹ رپورٹر آئیڈیل پاکستان نازک حسین خان غزلانی)جو شخص بیماری کی حالت میں وفات پاجائے اللہ کریم اس شخص کے گناہ معاف فرمادیتا ہے، خدمت خلق کرتے وفات پانے والا اللہ تعالیٰ کا محبوب بندہ ہوتا ہے، علامہ محمد عابد شفیع ان خیالات کا اظہار عالم دین علامہ محمد عابد شفیع نے سینئر صحافی میاں فدا حسین مرحوم کی ایصالِ ثواب کے لئے خیرات میں اظہار خیال کرتے ہوئے کیا انہوں نے کہا کہ میاں فدا حسین کی صحافتی خدمات قابلِ تحسین ہیں انکی وفات پر بڑا خلا پیدا ہوا ہے جو صدیوں خلا پورا نہیں ہوسکتا مرحوم نے ساری زندگی خدمت خلق اور بے باک صحافت میں گزار دی، میاں فدا حسین جوئیہ مرحوم ہمیشہ لوگوں کے دلوں میں زندہ رہیں گے، مرحوم ایک نیک اور صالح انسان تھا، ان خیالات کا اظہار حضرت خواجہ پیر طریقت معین الدین کوریجہ سائیں، علامہ محمد عابد شفیع نے سینئر صحافی عاشق رسول میاں فدا حسین جوئیہ جی رسم قل خوانی کے موقع پر خطاب کرتے ہوئے کیا اس موقع پر سابق وفاقی وزیر سردار عبدالقیوم خان جتوئی، اسسٹنٹ کمشنر جتوئی جلیل الرحمان خان، ایس ایچ او انضر حسین سکھیرا، حاجی راؤ عاطف علی خان، سردار خالد نعیم خان، سردار محمد ضیاء اللہ خان، ایس ایچ او زوہیر عمران خان، سیٹھ نذر محمد خان جتوئی، میاں فرخ، رانا عرفان جعفر، ملک عابد محمود، اجمل خان لغاری، علی بھائی، سید علی حیدر شاہ، ملک جمیل پنوہاں، رانا عرفان جمشید، راؤ گلزار، قاری عبدالغنی ثاقب، مولانا عابد شفیع مہروی، رانا سعید احمد خان ایڈووکیٹ، اقبال شاکر، ڈاکٹر خالد پرویز، ڈاکٹر زبیر قادر، میاں خورشید مرکنڈ، میاں حضور بخش ایڈووکیٹ، شاہد کھچی ایڈووکیٹ، طاہر حمزہ ایڈووکیٹ، سردار خالد عباس جتوئی، مہدی حسن خان جتوئی، خواجہ محمد اشفاق حسین، سردار شہزاد رسول خان جتوئی، سردار لیاقت علی خان لغاری، سردار نذر محمد خان جتوئی، میاں الطاف حسین، رانا تنویر احمد، سردار نذیر احمد خان ایڈووکیٹ صدر بار جتوئی سید ذاکر حسین شاہ ایڈووکیٹ، رانا ارشد ایڈووکیٹ، وزیر احمد نازک حسین خان غزلانی قاضی طالب اکرم خان بجلی ملک نواز ملک نزیر ملک، عبدالرحمٰن خان آسی، محمد حسین خان، ساجد لطیف عاربی، محمد یسین، محمد شفیع قادری، صادق خان جتوئی، شمشیر جعفری، رانا ابرار، راؤ آصف، ملک یوسف نزیر، سمیت صحافیوں کی کثیر تعداد اور شہری بھی قل خوانی میں شریک تھے، بعدازاں چیف جتوئی گروپ سردار عبدالقیوم خان جتوئی نے مرحوم کے بیٹوں میاں عقیل فدا، میاں راحیل فدا کی دستار بندی کی ،اور خیرات تقسیم کی گئی

وفاقی وزیر توانائی سردار اویس خان لغاری کی چین کے ژانگ جیانہوا سے ملاقات

وفاقی وزیر توانائی سردار اویس خان لغاری کی جانب سے تیسری بیلٹ اینڈ روڈ انرجی منسٹریل کانفرنس کے کامیاب انعقاد پر چینی حکومت کو مبارکباد

بیلٹ اینڈ روڈ انرجی پارٹنرشپ عالمی سطح پر توانائی تعاون، توانائی کی تحفظ اور پائیدار ترقی کے فروغ میں اہم کردار ادا کر رہی ہے

23-24日 中国 · 青岛 October 23-24, 2024 Qingdao, China

اسلام آباد(بیورو رپورٹ) وفاقی وزیر توانائی سردار اویس خان لغاری کی تیسری بیلٹ اینڈ روڈ انرجی منسٹریل کانفرنس کے موقع پر نیشنل انرجی ایڈمنسٹریشن (NEA) چین کے ایڈمنسٹریٹر، جناب ژانگ جیانہوا سے ملاقات وفاقی وزیر توانائی سردار اویس خان لغاری کی جانب سے تیسری بیلٹ اینڈ روڈ انرجی منسٹریل کانفرنس کے کامیاب انعقاد پر چینی حکومت کو مبارکباد۔ بیلٹ اینڈ روڈ انرجی پارٹنرشپ عالمی سطح پر توانائی تعاون، توانائی کی تحفظ اور پائیدار ترقی کے فروغ میں اہم کردار ادا کر رہی ہے۔ بیلٹ اینڈ روڈ انرجی پارٹنرشپ (BREP) چین کی موثر عالمی قیادت کی ایک روشن مثال ہے۔ ملاقات میں وفاقی وزیر نے چینی وزیراعظم لی چیانگ کے تاریخی دورے کا حوالہ دیا اور دونوں ممالک نے سی پیک کے "اپ گریڈڈ ورژن" کی ترقی کے لیے مل کر کام کرنے کے عزم کا اظہار کیا۔ سی پیک کے تحت پاکستان نے گزشتہ 10 سالوں میں 15 پاور پروجیکٹس کے ذریعے قومی گرڈ میں 8000 میگا واٹ سے زیادہ بجلی شامل کی۔ اس سلسلے میں (این ای اے) کے تعاون کے مشکور ہیں۔ دونوں رہنماؤں نے سی پیک کے دوسرے مرحلے کے اغاز کو اہم قرار دیتے ہوئے پاکستان میں بجلی کی ترسیل و تقسیم کے نظام کو جدید بنانے کے لیے توانائی کے شعبے میں تعاون کی اہمیت پر ضرورت پر زور دیا۔ 6 اکتوبر 2024 کو کراچی میں ایک المناک واقعے میں دو چینی انجینئرز کی ہلاکت پر گہری تعزیت کا اظہار کرتا ہوں۔ پاکستان اپنے سرزمین پر تمام چینی اہلکاروں کی حفاظت کو یقینی بنائے گا۔ وفاقی وزیر توانائی سردار اویس احمد خان لغاری کی جانب سے ایڈمنسٹریٹر ژانگ کو پاکستان کے سرکاری دورے کی دعوت۔

تمام سیاسی جماعتوں کو ملک کی بہتری و ترقی کیلئے مل کر آگے بڑھنا ہوگا، مقررین

پی ایف یو جے اور سول سوسائٹی کے زیر اہتمام "سیاسی جماعتوں کے منشور بمقابلہ چارٹر آف ڈیموکریسی (2)" کے عنوان پر خصوصی سیمینار

ہمیں جمہوریت میں برداشت اور تحمل کو فروغ دینا ہوگا، بلدیاتی انتخابات کے انعقاد کو یقینی بنانا ہوگا، شرکاء

Political Party Manifestos v/s Charter of Democracy (COD 2.0)

اسلام آباد(بیورو چیف) پاکستان کی لمحہ بہ لمحہ بدلتی ہوئی صورتحال اور سیاسی و معاشی بحران کے حوالے سے پی ایف یو جے اور سول سوسائٹی کے زیر اہتمام "سیاسی جماعتوں کے منشور بمقابلہ چارٹر آف ڈیموکریسی (2)" کے عنوان پر خصوصی سیمینار کا انعقاد کیا گیا جسمیں صدر پی ایف یو جے افضل بٹ، سینئر صحافیوں بیورو چیف سماء ٹی وی خالد عظیم، بیورو چیف ڈان افتخار شیرازی، اے پی این کے بیورو چیف خالد جمیل، بیورو چیف ٹی وی نیوز ون کاشف رفیق، ایڈیٹر نوائے وقت عزیز علوی چیف رپورٹر روزنامہ جنگ حافظ طاہر خلیل، صدر آر آئی یو جے طارق علی ورک، جنرل سیکرٹری آصف بشیر چوہدری جوائنٹ سیکرٹری گلزار خان، سینئر نائب صدر بشیر عثمانی، نوابزادہ خورشید علی، نواب زادہ شاہ علی اور دیگر نے شرکت کی، سیمینار کا اہتمام پی ایف یو جے کے صدر افضل بٹ، سماجی تنظیم "آواز سی ڈی ایس پاکستان" کے چیف ایگزیکٹو ضیاالرحمٰن، "یونائیٹڈ گلوبل آرگنائزیشن آف ڈویلپمنٹ" کے سی ای او سید اشتیاق الحسن گیلانی نے کیا تھا، شرکا نے اس امر پر اتفاق کیا ہے کہ تمام سیاسی جماعتوں کو اپنے مفادات سے بالاتر ہو کر ہو ملک کی بہتری و ترقی کے لیے باہم ہونا اور مل کر آگے بڑھنا ہوگا، ہمیں جمہوریت میں برداشت اور تحمل کو فروغ دینا ہوگا، بلدیاتی انتخابات کے انعقاد کو یقینی بنانا ہوگا، ہمیں ملکی ترقی، استحکام اور جمہوریت کو مضبوط بنانے کے لیے سیاسی اختلافات کو بھلانا ہوگا۔شرکا نے اس امر پر بھی اتفاق کیا کہ اگر ادارے اپنی اپنی آئینی حدود میں رہ کر کام کریں اور ملکی مفادات کو ترجیح دے کر خود کو مداخلت والے تصور وتاثر سے روک لیتے ہیں تو اس سے ملک میں بڑی تبدیلی لائی جاسکتی ہے، آزاد عدلیہ اور آزاد میڈیا کا کردار اہم ہے، لیکن اس کے لیے ضروری ہے کہ سب اس معاملے میں اپنے اندر احساس پیدا کریں، ہمیں آگے بڑھنے کے لیے ضروری ہے کہ ملکی مفاد کو ترجیح دیں مگر ملکی وقومی مفاد کے نام پر خود کو بالاتر نہ بنائیں اور نہ ہی تصور کریں، احتساب کے نام پر انتقامی سلسلے کو روکنا ہوگا۔

کنگ سلمان ریلیف سینٹر خیبر پختونخوا اور پنجاب میں 1000 مستقل گھر تعمیر کریگا

منصوبے میں دو کمرے، ایک کچن اور ایک باتھ روم پر مشتمل گھر شامل ہے،

اسلام آباد(سٹاف رپورٹر) کنگ سلمان ریلیف سینٹر نے 2022 کے تباہ کن سیلاب سے متاثرہ خاندانوں کے لیے خیبر پختونخوا اور پنجاب میں 1000 مستقل گھروں کی تعمیر کا ایک بڑا اقدام کا اعلان کیا ہے۔ یہ منصوبہ کنگ سلمان ریلیف کی جانب سے کمیونٹیز کی دوبارہ تعمیر نو اور عوامی سہولتی اقدامات کے ایک وسیع سلسلے کا حصہ ہے۔ یہ اعلان 8 اکتوبر 2024 کو ہونے والے ایک تقریب کے دوران کیا گیا، جہاں کنگ سلمان ریلیف کے آپریشنز کے اسسٹنٹ سپروائزر جنرل انجینئر احمد علی البیز NDMA کے ساتھ تعاون کے پروگرام پر دستخط کیے۔ یہ 1000 گھر، جن میں دو کمرے، ایک کچن اور ایک باتھ روم شامل ہے، تقریباً 7000 افراد کے لیے محفوظ رہائش فراہم کرے گا۔ یہ منصوبہ خیبر پختونخوا اور پنجاب کے سیلاب زدہ علاقوں پر مرکوز ہے، جس میں 590 گھر ڈیرہ اسماعیل خان اور 410 گھر راجن پور اور ڈیرہ غازی خان میں تعمیر کیے جائیں گے۔ ان منصوبے کے ذریعے کنگ سلمان ریلیف سینٹر سعودی عرب کی جانب سے پاکستان کی مدد کو جاری رکھنے، بحالی کی کوششوں اور پائیدار ترقی کے فروغ کے عزم کا اعادہ کرتا ہے۔



خوراک میں بھی بچیوں کے ساتھ امتیازی سلوک

بہت سے والدین کی جانب سے بچپن ہی سے خوراک تک کے معاملے میں بیٹیوں کو نظرانداز کیا جاتا ہے

آمنہ سویرا

ہمارے معاشرے میں بہت سے والدین کی جانب سے بچپن ہی سے خوراک تک کے معاملے میں بیٹوں کے مقابلے میں بیٹیوں کو نظرانداز کیا جاتا ہے۔ بعض مواقع پر تو بچیوں کے لیے یہ زیادہ ضروری ہوتا ہے کہ انہیں زیادہ غذائیت فراہم کی جائے۔ یہ بات بالکل درست ہے، دنیا میں والدین سے زیادہ مخلص اور سچا تعلق اور کوئی نہیں ہوسکتا لیکن اس کے باوجود یہ بھی ہمارے سماج کی ایک تلخ حقیقت ہے کہ بہت سے گھرانوں میں سگے والدین بھی اپنے بچوں میں تفریق کرنے لگتے ہیں۔ ممکن ہے کہ بہت سے قارئین کے لیے یہ بات اچنبھے کی ہو لیکن یہ کہے بنا چارہ نہیں ہے کہ ایک سگی ماں بھی اپنی اولاد میں بعض اوقات فرق کرنے لگتی ہے۔ وہ کسی ایک کو زیادہ ترجیح دیتی ہے اور کسی کو ذرا کم۔ پھر کچھ گھرانوں میں والد کی جانب سے بھی ایسے رویے دیکھنے میں آتے ہیں کہ وہ شاید ان جانے میں ہی کسی کے ساتھ ناانصافی کر جاتے ہیں۔

والدین کی جانب سے تفریق کی جہاں بہت سی وجوہات ہیں، وہاں ایک بڑی اور اہم وجہ صنفی تعصب بھی ہے۔ جی ہاں، ہمارے ہاں والدین کی جانب سے اکثر ایسا ہوتا ہے کہ وہ بیٹیوں کے مقابلے میں بیٹوں کو زیادہ ترجیح دیتے ہیں اور ان کا یہ طرز عمل کسی نفرت یا بغض کی بنا پر نہیں ہوتا بلکہ وہ روایتی طور پر ایسا طریق اپناتے ہیں کہ انہیں لگتا ہے کہ وہ ٹھیک ہی کر رہے ہیں۔ بیٹوں کو زیادہ ترجیح دینا، ان کی ضروریات اور خواہشات کو ملحوظ خاطر رکھنا، حتیٰ کہ بچپن ہی سے خوراک تک کے معاملے میں بیٹیوں کو نظرانداز کیا جاتا ہے، سوال کہ یہ بہت تکلیف دہ بات لگتی ہے کہ آپ کے پاس اگر تنگی ہے تو آپ بیٹا اور بیٹی کے کھانے پینے کو ایک دوسرے سے مختلف کر دیں، لیکن یہ سب ہمارے معاشرے میں جاری وساری ہے۔

ماہرین خوراک باقاعدہ اسے ایک اہم مسئلہ قرار دیتے ہیں۔ جب وہ بچوں کی شرح اموات دیکھتے ہیں تو انہیں پتا چلتا ہے کہ ہماری بچیاں غذائی کمی کا زیادہ شکار ہو رہی ہیں۔ وجہ یہی ہے کہ گھروں میں دیدہ و دانستہ ان کی غذائی ضروریات پوری نہیں کی جارہیں۔ بعض مواقع پر تو بچیوں کے لیے یہ زیادہ ضروری ہوتا ہے کہ انہیں زیادہ غذائیت فراہم کی جائے اور انہیں بیٹوں سے زیادہ بہتر خوراک ملے، کیوں کہ ان کی جسمانی ضروریات اس بات کا تقاضا کرتی ہیں۔ اگر بیٹے کی غذائیت میں کچھ کمی ہوگی تو ممکن ہے کہ اسے اتنے مسائل نہ ہوں، لیکن بچیوں کو مستقبل میں اور بالخصوص بلوغت کے بعد شدید جسمانی کمزوریوں سے واسطہ پڑ سکتا ہے، جو بعد میں ازدواجی زندگی اور ان کے ماں بننے کے مراحل میں ان کی جان تک چلے جانے کا سبب بن سکتا ہے۔ یہی وجہ ہے کہ ہمارے ملک میں زچگی کے دوران میں ماؤں کی اموات کی شرح بھی بڑھتی چلی جاتی ہے۔ اس وقت پیدائش کے دوران اموات کی شرح ایک لاکھ سے تجاوز کر چکی ہیں۔

دوسری طرف اقوام متحدہ کے جاری کردہ اعداد وشمار کے مطابق پاکستان میں بچوں میں غذائی قلت کے سبب ذہنی پس ماندگی کا تناسب لڑکوں میں 40.9 فیصد، جب کہ لڑکیوں میں 39.4 فیصد ہے۔ غذائیت میں کمی کے سبب پیدا ہونے والے دبلے پن کا تناسب لڑکوں میں 18.4 فیصد اور خواتین میں 17 فیصد ہے۔ ایسے ہی ناکافی خوراک کی بنا پر وزن کی کمی کا شکار تناسب بچوں میں 29.3 فیصد اور بچیوں میں 28.4 فیصد ہے۔ غذائی عدم توازن کے سبب بہت سے بچوں میں فربہی کا مسئلہ بھی سامنے آتا ہے۔ موٹاپے کے حوالے سے اقوام متحدہ کے اعداد وشمار بتاتے ہیں کہ لڑکوں میں 9.7 فیصد اور لڑکیوں میں 9.2 فیصد پایا جاتا ہے۔ غذائی توازن ذہنی وجسمانی نشوونما کے لیے ایک ناگزیر امر ہے، اسے ہمیں اپنی عام زندگی میں تو برقرار رکھنا ہی چاہیے لیکن بچوں کی معمول کی خوراک میں اس میں تمام ضروری اجزا ہونا ناگزیر ہوتے ہیں بہ صورت دیگر انہیں جسمانی و ذہنی عوارض اور مختلف بیماریوں کا سامنا رہتا ہے۔ اس صورت حال پر قابو پانے کے لیے سب سے پہلے یہ شعور اجاگر کرنا ہوگا کہ غذائی معاملات میں یہ تفریق صرف ناانصافی نہیں بلکہ جرم ہے، کیوں کہ ایک بچی کی جسمانی ضروریات اس سے بہتر غذا کا تقاضا کرتی ہیں، اس لیے بالخصوص متوسط اور نچلے طبقے سے تعلق رکھنے والے تمام والدین کو، جہاں مالی تنگی کے سبب غذائی کمی کے مسائل زیادہ درپیش ہوتے ہیں، یہ بات کو سمجھ لینا چاہیے۔

غذائی کمی کا مسئلہ بھی بالواسطہ یا بلاواسطہ لڑکی کو کمتر سمجھنے کی سوچ سے جڑا ہوا ہے، جسے سماجی طور پر بھی حل کرنے کی ضرورت ہے۔ تاکہ صنف نازک کے ساتھ ابتدائی عمر سے شروع ہونے والی اس دہری ناانصافی کا ازالہ ہوسکے، جو تازندگی اس کے لیے مشکلات اور مسائل پیدا کر رہا ہے۔ اس کے ساتھ ساتھ ہمارے ہاں بچوں کے اسکولوں میں بھی ایسے معائنوں کا اہتمام ہونا چاہیے، جو اوائل عمری سے ایسے بچوں کی نشان دہی کر سکے، جس سے بعد میں پیدا ہونے والی پیچیدگیوں سے بچایا جاسکے۔

خوف، نقل مکانی اور بیماری

19 سالہ فلسطینی لڑکی نے ایک سال میں کیا دیکھا؟

مریم سارہ جاوید

’مجھے اس دن ایسا لگا کہ جیسے قیامت آگئی ہے‘، یہ کہنا تھا 19 سالہ دیما النجار کا جو 7 اکتوبر 2023ء کے واقعات کو کچھ اس انداز میں بیان کرتی ہیں۔ دیما النجار نے کہا، انہیں نے ایک گہرا سانس لیا اور مجھے احساس ہوا کہ نہیں یہ تو میزائلز ہیں۔ وہ اپنے انسٹاگرام اکاؤنٹ کو عطیات جمع کرنے اور کمیونٹی کی امداد کے لیے استعمال کرتی ہیں۔ غزہ میں ایک سال سے جاری اسرائیلی جارحیت میں اب تک تقریباً 41 ہزار 802 مظلوم فلسطینی شہید ہوچکے ہیں جن میں بڑی تعداد میں خواتین اور بچے بھی شامل ہیں۔ مسلسل جاری اسرائیلی حملوں میں غزہ کے انفرااسٹرکچر کو شدید نقصان پہنچا ہے جبکہ ضروریات زندگی کی فراہمی رک جانے کے باعث متاثرہ علاقے میں بیماریاں پھیل رہی ہیں جس کے باعث غزہ کا انسانی بحران مزید سنگینی اختیار کرگیا ہے۔ دیما النجار نے بتایا کہ گزشتہ سال اس بدقسمت دن دھماکوں کی آواز نے انہیں نیند سے بیدار کیا، ان کا بھائی اسکول جانے کی تیاری کر رہا تھا تو انہوں نے فوراً اپنے بھائی کو گلے لگا لیا۔ وہ کہتی ہیں، ’میں جانتی تھی کہ وہ ڈرتا ہے۔ چند گھنٹے گزر جانے کے بعد سب کچھ واضح ہوچکا تھا۔ میرے تایا اور ان کے بیٹے کو 7 اکتوبر کو قتل کر دیا گیا تھا‘۔

دیما النجار جو اس وقت خان یونس میں مقیم ہیں، کہتی ہیں، ’ہفتہ وار بنیادوں پر ٹینکوں کا یہاں آنا اور چلے جانا انتہائی عام ہے۔ کچھ لوگ زندہ رہنے کی خواہش میں فوری طور پر یہاں سے چلے جاتے ہیں جبکہ کچھ اپنے گھروں یا خیموں میں رہنے کو ترجیح دیتے ہیں۔ کچھ لوگ زندہ رہتے ہیں جبکہ زیادہ تر اچانک بمباری اور شیلنگ سے شہید ہوجاتے ہیں، یہاں روزانہ کی بنیادوں پر قتل عام ہوتا ہے۔ لبنان پر بمباری کے بعد سے درد کی شدت میں مزید اضافہ ہوگیا ہے‘، دیما النجار نے یہ کہتے ہوئے بتایا کہ میڈیا کی توجہ اب پڑوسی ملک کی صورت حال پر زیادہ مرکوز ہے۔

گزشتہ ایک سال میں اسرائیلی ظلم کے نتیجے میں 19 لاکھ فلسطینی غزہ میں اپنے گھروں سے محروم ہوئے۔ مارچ میں جب میں نے دیما سے بات کی تھی تب وہ پہلے ہی تین بار اپنے نقل مکانی کر چکی تھیں اور اب وہ بتاتی ہیں ہمارے درمیان ہونے والی آخری گفتگو کے بعد بھی وہ اور ان کا خاندان نقل مکانی کرنے پر مجبور ہوا اور اب مجموعی طور پر ایک سال میں وہ 8 بار نقل مکانی کر چکی ہیں۔ اسرائیل کے غزہ پر حملے سے محض ایک ماہ پہلے ہی دیما کی فیملی نئے گھر میں منتقل ہوئے تھے۔ وہ کہتی ہیں کہ ان کی فیملی کی ملکیت میں دو گھر ہیں جن میں سے شکر ہے کہ نیا گھر اسرائیلی بمباری سے محفوظ ہے۔ ’ہمارے دو گھر ہیں جن میں سے پہلا گھر جہاں میں نے اپنی پوری زندگی گزاری، مکمل تباہ ہوچکا ہے جس نے میرے دل کو ٹھیس پہنچائی۔ میں اس حوالے سے بہت دکھی تھی لیکن ہمیں صبر سے کام لینا ہوگا‘۔ فی الوقت ان کی فیملی بے گھر 4 فلسطینی خاندانوں کے ہمراہ اپنے دوسرے گھر میں پناہ لیے ہوئے ہیں۔ انہوں نے مسلسل ٹھکانے تبدیل کرنے کی دشواری بیان کرتے ہوئے کہا کہ ان کے خاندان نے فیصلہ کیا کہ اب دوبارہ نقل مکانی سے بچنے کے لیے جو ہوسکا وہ کریں گے۔ ’جب ہم گھر واپس لوٹے تو ہم نے فیصلہ کیا کہ اب ہم نقل مکانی نہیں کریں گے۔ اب ہم دوبارہ اپنے گھر چھوڑنے کے بجائے موت کو ترجیح دیں گے۔

’درحقیقت میں خود بھی بہت سی بیماریوں اور متعدد بار صحت کی خرابی کا شکار ہوئی ہوں۔ یہاں سرف، صابن یا سینیٹری پیڈز دستیاب نہیں ہیں اور جو دستیاب ہیں ان کی مقدار انتہائی کم جبکہ ان کی قیمتیں آسمان سے باتیں کرتی ہیں۔ شیمپو کی بوتل جیسی بنیادی ضرورت کی قیمت 27 ڈالر (7 ہزار 495 روپے) ہے، سینیٹری پیڈز کی قیمت 30 ڈالر (8 ہزار 328 روپے) ہے، صابن کی قیمت 6 ڈالر (ایک ہزار 665 روپے) ہے جبکہ بچوں کے ڈائپرز 40 ڈالر (11 ہزار 105 روپے) میں فروخت کیے جارہے ہیں۔ آسمان کو چھوتی قیمتیں اور اشیا کی محدود فراہمی کی بنا پر والدین اپنے بچوں کے لیے کپڑے کے ڈائپرز بنانے پر مجبور ہیں۔ وہ کہتی ہیں، ’ہم پہلے باعزت طور پر رہتے تھے جہاں ہمیں تمام ضروریات زندگی دستیاب تھیں لیکن اب ہم قدیم انسانی طریقے اپنانے پر مجبور ہوچکے ہیں‘۔

جب ہماری دیما النجار سے بات ہو رہی تھی تب ان کے لہجے میں انتہائی گہرے دکھ اور مایوسی محسوس کی جاسکتی تھی جو کہ بجا بھی ہے کیونکہ ان کی زندگی یوں اچانک مکمل طور پر تبدیل ہوگئی۔ انہوں نے وضاحت دی کہ ایسا شدید تھکاوٹ کی وجہ سے ہے جو وہ ذہنی اور جسمانی طور پر محسوس کر رہی ہیں۔ ان کی یہ کیفیت اس لیے ہے کیونکہ ان پر ایک بھاری بوجھ ہے جو مسلسل حالات کی کشیدگی اور غیر یقینی صورت حال کا نتیجہ ہے۔ ’میں کوشش کر رہی ہوں کہ اپنی زندگی کو معمول پر لاسکوں کیونکہ میری اداسی اور جذبات کو مدنظر رکھ کر یہ جنگ نہیں رکے گی‘۔

ایک نوجوان لڑکی جس نے ابھی یونیورسٹی میں داخلہ لیا ہی تھا، دیما کی زندگی افراتفری کا شکار ہے۔ خون کے پیاسے اسرائیل کے جارحانہ حملوں میں وہ اپنے تایا اور کزن کو کھو چکی ہیں جبکہ تباہی کے باعث بار بار نقل مکانی کے ان پر اور ان جیسے بہت سے فلسطینیوں پر شدید اثرات مرتب ہو رہے ہیں۔ 7 اکتوبر کے اس بدقسمت دن کے بعد سے دیما النجار کا اپنے بہت سے دوستوں سے رابطہ منقطع ہوچکا ہے، جس نے ان کی شخصیت میں احساس تنہائی کو جنم دیا ہے۔ اس حوالے وہ کہتی ہیں، ’میرا کچھ کے ساتھ رابطہ ہوا ہے جبکہ دیگر سے 7 اکتوبر کے بعد سے میرا رابطہ نہیں ہوسکا ہے‘۔

اپنی تکالیف، میگرین کی شکایت اور دیگر صحت کے مسائل سے لڑنے کے باوجود دیما نے اپنی زیادہ تر توجہ اپنے آس پاس کے لوگوں کی مدد پر مرکوز کر رکھی ہے۔ وہ اپنے GoFundMe اکاؤنٹ سے ملنے والے عطیات کو بے گھر خاندانوں کو خوراک اور پانی فراہم کرنے میں استعمال کرتی ہے۔ حال ہی میں انہیں احساس ہوا ہے کہ ان کے لیے روزانہ کی بنیاد پر اپنا رضاکارانہ کام کرنا مشکل ہوتا جارہا ہے۔ دیما بتاتی ہیں، ’صبح 7 بجے سے رات 9 بجے تک میرا پورا دن کام کرنے اور بے گھر لوگوں کی مدد میں گزرتا تھا لیکن اب ایک ہفتے سے میں کام پر نہیں گئی کیونکہ میں شدید تھکاوٹ محسوس کر رہی ہوں۔ میں آنکھوں کے مسائل اور میگرین کا شکار ہوں‘۔

بہت سے بے گھر خاندانوں میں ضروری امداد تقسیم کرنے میں مدد کرتے ہوئے دیما النجار نے غزہ میں اسرائیلی حملے کے نتیجے میں بچوں کی زندگیوں پر پڑنے والے منفی اثرات کا خود مشاہدہ کیا ہے۔ محفوظ پناہ گاہ سے محرومی، مسلسل صدمے سے گزرنا، اقربا کو کھو دینے کا احساس، خوراک اور صاف پانی کا فقدان اور تعلیم کا پورا ایک سال ضائع ہونے سے بچوں کو بے پناہ نقصان پہنچا ہے۔

بچوں سے متعلق وہ کہتی ہیں، ’بہت سے بچے تعلیم کی کمی اور بیماریوں کا شکار ہیں۔ ان کے چہروں کے خدوخال بدل گئے ہیں۔ ان کی زندگیاں مکمل طور پر تبدیل ہوچکی ہیں۔ وہ وقت سے پہلے بڑے ہوگئے ہیں۔ وہ بچے ہیں، ایک محفوظ ماحول میں کھیلنے اور تعلیم حاصل کرنے کے بجائے وہ ایک تباہ شدہ، غیر محفوظ اور انتہائی آلودہ ماحول میں زندگی گزارنے پر مجبور ہیں‘۔ جہاں غزہ کی پٹی پر اسرائیل کے مظالم کو اجاگر کرنا ضروری ہے وہیں انٹرویوز میں فلسطینی ثقافت کی خوبصورتی کا ذکر کرنا بھی ضروری ہے۔ دیما نے بھی حسرت بھری آواز میں غزہ کی یادیں تازہ کیں، انہوں نے غزہ میں الجھنے والی قہقہوں کی آوازوں کو یاد کیا جو کبھی اس کی تباہ شدہ گلیوں میں گونجتی تھیں۔ انہوں نے اس متحرک زندگی کو یاد کیا جو تنازع سے پہلے غزہ کے باسی گزار رہے تھے۔ ’غزہ میں سب بہت خوبصورت تھا، اس کی ہوا، سمندر، سڑکیں جہاں فیملیز اور دوستوں کی محفلیں لگا کرتی تھیں، کھیتوں اور ساحل سمندر پر گزارے جانے والے لمحات کو سب سے یادگار قرار دیتی ہیں۔ ہم سبزیوں سے بھرے کھیتوں میں جایا کرتے تھے جہاں ہم محفلوں اپنے دوستوں اور فیملیز کے ساتھ وقت گزارتے تھے۔ سمندر ہمارے لیے ایک الگ ہی دنیا تھی کیونکہ یہاں کا سمندر انتہائی خوبصورت تھا‘۔

انہوں نے بتایا کہ کمیونٹی فلسطینی ثقافت کا ایک اہم حصہ ہے۔ ’خوشی کے لمحات بانٹنا اور غم کے وقت ایک دوسرے کا ساتھ دینا انتہائی ضروری ہے۔ ایسے حالات میں جذبات کو صرف ایک شخص نہیں بلکہ اجتماعی طور پر محسوس کیا جاتا ہے‘۔ دیما کہتی ہیں، ’پیار اور خوبصورت محفلیں ہمیشہ ہمیں ایک دوسرے کے قریب لاتی ہیں۔ یہاں لوگ ایک دوسرے سے محبت کرتے ہیں اور جب کوئی دکھی ہوتا ہے تو ہم سب کو اس کا درد محسوس ہوتا ہے۔ میں ایک ایسے گاؤں میں رہتی تھی کہ جہاں تمام گاؤں والوں کا ایک دوسرے سے محبت کا رشتہ تھا، ہم ہر تہوار ایک ساتھ مناتے تھے‘۔

ٹیسٹ اور ون ڈے کرکٹ میں اہم تبدیلیاں
آئی سی سی حکام نے منصوبہ بندی کرلی

انٹرنیشنل کرکٹ کونسل حکام نے ٹیسٹ اور ون ڈے کرکٹ کے فروغ کیلئے اہم تبدیلیاں کرنے کا منصوبہ بنالیا۔ شائقین میں کرکٹ کے کھیل کو زیادہ سے زیادہ مقبول کرنے کیلئے فلڈ لائٹس ٹیسٹ میچز کو یقینی بنانا اہم قرار دیا ہے، حکام کا موقف ہے کہ پنک بال کرکٹ سے نہ صرف گراؤنڈز آباد ہوں گے بلکہ ٹکٹوں کی فروخت سے آمدن بھی بڑھ سکتی ہے۔ آئی سی سی ورلڈ ٹیسٹ چیمپئن شپ میں ہر ملک کو 3 ٹیسٹ میچوں کی سیریز کھیلنے کو مل سکے گی، اس وقت نیوزی لینڈ، جنوبی افریقہ، سری لنکا، بنگلادیش، کچھ حد تک پاکستان کو صرف 2 ٹیسٹ میچز کی سیریز کھیلنے کو مل رہی ہے۔ جس سے یہ خیال کیا جارہا ہے کہ ٹیسٹ میچ دیکھنے والوں کی تعداد میں کمی ہو رہی ہے، جس سے سیریز ڈرا ہونے کا زیادہ امکان رہتا ہے۔ اس کے برعکس انگلینڈ، بھارت، آسٹریلیا کم ازکم 3 ٹیسٹ میچز پر مشتمل سیریز کھیل رہے ہیں، جس سے پوائنٹس کی تقسیم میں تفریق پیدا ہوتی ہے۔ اسی طرح ون ڈے کرکٹ فارمیٹ میں 2 گیندوں کے استعمال کو ابتدائی 50 اوورز تک محدود کرنے کا بھی سوچا جارہا ہے تاکہ آخری اوورز میں گیند تھوڑا پرانا ہو جائے اور بولرز کو بھی مدد مل سکے۔

نیوزی لینڈ سے شکست کے بعد بھارتی کپتان روہت شرما بھی تنقید کی زد میں

نیوزی لینڈ سے 36 سال بعد پہلا ٹیسٹ ہارنے پر روہت شرما کی کپتانی پر بھی انگلیاں اٹھنے لگیں۔ سابق بھارتی کرکٹر سنجے منجریکر نے روہت شرما کو اسپنر روی چندرن ایشون کو تاخیر سے گیند تھمانے کے فیصلے کو تنقید کا نشانہ بنایا۔ انہوں نے سوال اٹھایا کہ آخری روز 107 رنز کے دفاع کیلئے ہوم گراؤنڈ پر ایشون سے بولنگ کروانے کے بجائے سراج سے بولنگ کروائی گئی، وہ 7 اوورز کے 12 گیندوں میں وکٹ سے محروم رہے۔ منجریکر نے کہا کہ پیسرز کی بولنگ سے آپ وکٹیں لیتے ہیں مگر ہمیشہ ہی اسپنرز پر رنز بنتے ہیں۔ میں سمجھتا ہوں تکنیکی طور پر اس موقع پر روہت بہتر کپتان ثابت نہیں ہوئے، پیسرز سے 1، 2 اوورز کے بعد ہی ایشون کو گیند دے دینا چاہیے تھی۔

پنڈی کرکٹ اسٹیڈیم کی فرینڈلی پچ کے لئے ہیٹرز کا استعمال

پاکستان کرکٹ بورڈ نے ہوم کنڈیشنز کا فائدہ اٹھانے کیلئے ملتان میں کھیلے گئے دوسرے ٹیسٹ میچ کی طرح راولپنڈی میں بھی اسپن ٹریک بنا کر انگلش بیٹرز کو گھیرنے کی تیاری کرلی۔ جس کے لئے راولپنڈی کرکٹ اسٹیڈیم میں اسپن فرینڈلی پچ بنانے کیلئے ہیٹرز کا استعمال کیا جانے لگا ہے۔ تین میچز کی سیریز 1-1 سے برابر ہے، پہلا ٹیسٹ انگلینڈ نے ایک اننگز اور 47 رنز سے جیتا تھا جبکہ دوسرے میچ میں پاکستانی اسپنرز نے کم بیک کرتے ہوئے گرین شرٹس کو 152 رنز سے میچ جتوایا تھا۔ اس میچ میں اسپنرز نعمان علی اور ساجد خان نے 20 وکٹیں حاصل کیں تھیں۔ انگلینڈ کے خلاف ملتان ٹیسٹ میں فتح کے بعد بورڈ نے راولپنڈی میں اسپن ٹریک بنانے کی تیاری شروع کر دی ہے، جس کیلئے پچ پر موجود پانی کو سکھانے کیلئے ہیٹرز لگائے گئے ہیں۔

دورہ آسٹریلیا، محمد رضوان کو کپتان بنائے جانے کا امکان

آسٹریلیا کے خلاف ٹی 20 سیریز کیلئے پاکستان کرکٹ بورڈ نے ٹیسٹ ٹیم کی طرح وائٹ بال ٹیم میں بھی بڑی تبدیلیاں کرنے کی ٹھان لی۔ ذرائع کے مطابق آسٹریلیا کے خلاف وائٹ بال سیریز کیلئے وکٹ کیپر بیٹر محمد رضوان کو ممکنہ طور پر کپتان بنائے جانے کا امکان ہے جبکہ ٹیم سے فخر زمان، شاداب خان اور افتخار احمد کو ڈراپ کیا جاسکتا ہے۔ دورہ آسٹریلیا کیلئے فخر زمان فٹنس مسائل، شاداب خان کی ناقص فارم انہیں اسکواڈ سے باہر کرواسکتی ہے جبکہ افتخار احمد کی شمولیت پر بھی سوالیہ نشان ہے۔ دورہ آسٹریلیا میں اسپنر شاداب خان کی جگہ سفیان مقیم اور مہران ممتاز کو شامل کیا جاسکتا ہے جبکہ کامران غلام، قاسم اکرم، عرفات منہاس اور یاسر خان بھی پلیئنگ الیون میں جگہ بناسکتے ہیں۔

میڈیا کرکٹ لیگ، سپائیڈرز اور ایگلز نے میچز جیت لئے

میڈیا کرکٹ لیگ میں پی پی سی سپائیڈرز اور ایگلز نے اپنے میچز جیت لئے۔ پشاور پریس کلب کے زیر اہتمام ڈی ایچ اے پشاور اور آر ایم آئی کے تعاون سے منعقدہ آر ایم آئی میڈیا کرکٹ لیگ میں مزید دو میچوں کا فیصلہ ہوگیا۔ متعلقہ کرکٹ گراؤنڈ پر جاری لیگ کا پہلا میچ پی پی سی سپائیڈرز اور پی پی سی فلیمنگوز کے درمیان کھیلا گیا۔ جس میں سپائیڈرز نے فلیمنگوز کو 6 وکٹوں سے شکست دی۔ واحد خان نے تین وکٹیں حاصل کرنے کے علاوہ 29 رنز بھی بنائے اور آل راؤنڈر کارکردگی پر پلیئر آف دی میچ قرار پائے۔ دوسرے میچ میں پی پی سی ایگلز نے ٹاس جیت کر پہلے بیٹنگ کی اور مقررہ اوورز میں دو وکٹ کے نقصان پر 127 رنز بنائے۔ زرشاد نے شاندار بیٹنگ کی اور آٹھ چھکوں کی مدد سے 67 رنز بنائے۔ جواب میں پی پی سی بلز نے بھی زبردست بیٹنگ کی اور مقررہ اوورز میں 107 رنز سکور کیے اور میچ میں رنز سے ہار گئے۔ مدبان نے شاندار بلے بازی کی اور 68 رنز کی ناقابل شکست اننگز کھیلی، زرشاد کو مین آف دی میچ کا ایوارڈ دیا گیا۔

ٹی 10 لیگ، یونس خان بنگلہ ٹائیگرز کے ہیڈ کوچ مقرر

ابوظبی ٹی 10 لیگ کی فرنچائز بنگلہ ٹائیگرز نے پاکستان کے سابق کپتان یونس خان کو ٹورنامنٹ کے آئندہ آٹھویں ایڈیشن سے قبل اپنا ہیڈ کوچ مقرر کردیا۔ بنگلہ ٹائیگرز نے اپنے آفیشل سوشل میڈیا اکاؤنٹس پر پوسٹس کے ذریعے ہائی پروفائل تقرری کا اعلان کیا۔ جس میں لکھا گیا ہے کہ ”نئے ہیڈ کوچ الرٹ! بنگلہ ٹائیگرز کو ابوظبی ٹی 10 سیزن 8 کے لیے لیجنڈ یونس خان کو بطور ہیڈ کوچ متعارف کروانے کا اعزاز حاصل ہے۔“ یونس خان پاکستان کرکٹ کے لیجنڈ ہیں جنہوں نے 2009 میں پاکستان کے لئے اکلوتا ICC T20 ورلڈ کپ ٹائٹل دلوایا، وہ ٹیسٹ کرکٹ میں 10,000 رنز عبور کرنے والے واحد پاکستانی بلے باز بھی ہیں۔ سابق کپتان نے 2020 میں مختصر مدت کے لیے پاکستان کرکٹ ٹیم کے ساتھ بطور بیٹنگ کنسلٹنٹ بھی کام کیا ہے۔ ابوظبی ٹی 10 لیگ کا آٹھواں ایڈیشن 21 نومبر سے 2 دسمبر تک کھیلا جائے گا۔

لاس اینجلس اولمپکس 2028: منتظمین کرکٹ اسٹیڈیمز کی تلاش میں

لاس اینجلس اولمپکس 2028 میں کرکٹ کو شامل کرنے کے بعد منتظمین اسٹیڈیمز کی تلاش میں لگ گئے۔ رپورٹس کے مطابق اولمپکس منتظمین کرکٹ مقابلوں کیلئے مشرقی ساحل پر کرکٹ میچوں کی میزبانی کے امکانات تلاش کر رہے ہیں تاہم نیویارک کو ممکنہ متبادل کے طور پر رکھا گیا ہے۔ منتظمین کے اقدام کا مقصد اس بات کو یقینی بنانا ہے کہ برصغیر کے ناظرین میچز کو لائیو دیکھ سکیں کیوں کہ لاس اینجلس اور برصغیر پاک و ہند کے درمیان فرق تقریباً 12 گھنٹے اور 30 منٹ ہے۔ اس کا مطلب یہ ہے کہ لاس اینجلس میں میچز پرائم ٹائم یعنی رات 8 بجے شروع ہوں گے تو ہندوستان اور پاکستان میں یہ وقت صبح سویرے کا ہوگا۔ دوسری جانب نیویارک اور برصغیر پاک و ہند کے درمیان وقت کا فرق ساڑھے 9 گھنٹے ہے، جس کی وجہ سے وہاں میچز کی شیڈولنگ زیادہ موزوں ہے۔ ٹائم زون کے تحفظات کی وجہ سے مناسب جگہ تلاش کرنا منتظمین کیلئے چیلنج بن گیا ہے۔ نیویارک اسٹیڈیم ٹی 20 ورلڈکپ کے بعد بلڈوز کر دیا گیا تھا جس کی وجہ سے ایونٹ کے میچز ڈیلاس، ٹیکساس اور فورٹ لاڈرڈیل، فلوریڈا اور اٹلانٹا، کیرولائنا میں کروائے جاسکتے ہیں جہاں میجر لیگ کے میچز کھیلے جاتے ہیں۔

چیمپئنز ٹرافی کا پاکستان میں انعقاد، آئی سی سی نے گرین سگنل دے دیا

انٹرنیشنل کرکٹ کونسل نے پاکستان میں اگلے برس شیڈول چیمپئنز ٹرافی کی تیاریوں پر اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے گرین سگنل دے دیا ہے۔ رپورٹس کے مطابق چیئرمین پی سی بی محسن نقوی نے آئی سی سی بورڈ ممبران کے اجلاس کے آخری روز رپورٹ پیش کی جس میں یقین دلایا گیا کہ تینوں مجوزہ مقامات پر اسٹیڈیمز کی تزئین و آرائش کا کام ایونٹ کے آغاز سے قبل مکمل کرلیا جائے گا۔ میٹنگ کے دوران چیئرمین پی سی بی نے آئی سی سی کے بورڈ ممبران کو پاکستان آنے کی دعوت بھی دی اور ٹورنامنٹ کی تیاریوں کو دیکھنے اور انتظامات کا جائزہ لینے کا بھی آپشن پیش کیا۔ اس کے علاوہ اجلاس میں چیئرز اور انڈیپنڈنٹ ڈائریکٹر کے عہدوں کی میعاد کو بھی زیر غور لایا گیا، جس میں چیئرمین کی تقرری کو 2 سے بڑھا کر 3 سال کی مدت تک توسیع کا مشورہ دیا گیا تاہم حتمی فیصلہ آئی سی سی کی رکنیت کی منظوری کے بعد کیا جائے گا۔

بقیہ بقیہ جات 1

تا کہ فیصلہ لکھنے والوں کی تضحیک کی جائے، تہذیب و عدالتی وقار کو مدنظر رکھتے ہوئے فیصلے کی اپنی الگ وجوہات تحریر کررہا ہوں۔ انہوں نے کہا کہ پریکٹس اینڈ پروسیجر قانون کے تحت انٹرا کورٹ اپیل روایتی اپیلوں سے منفرد ہے، سپریم کورٹ میں انٹرا کورٹ اپیل اپنے ہی فیصلے کا دوبارہ جائزہ لینے کے لیے ہے، سپریم کورٹ میں انٹرا کورٹ اپیل کسی ماتحت عدالت کے فیصلے کے خلاف نہیں ہوتی۔ جسٹس حسن اظہر رضوی نے بتایا کہ انٹرا کورٹ اپیل سننے والے بینچ کو مقدمے کے حقائق کو متاثر نہیں کرنا چاہیے، بانی پی ٹی آئی کی جانب سے سپریم کورٹ میں نیب ترامیم 2022ء کو چیلنج کیا گیا، انہوں نے نیب ترامیم کو آئینی بنیادی حقوق کی خلاف ورزی کی بنیاد پر چیلنج کیا، سپریم کورٹ کے 3 رکنی بینچ نے نیب ترامیم کے خلاف درخواست پر سماعت کی، تین رکنی بینچ نے فیصلے میں کہا تمام ترامیم کے بنیادی حقوق متاثر کرنے سے متعلق قائل نہیں، 3 رکنی بینچ نے پہلی ترمیم کی شق 2، 8، 10، 14 اور دوسری ترمیم کی شق 2، 3، 14 کو قابل اسکروٹنی قرار دیا۔ واضح رہے کہ رواں سال ستمبر میں سپریم کورٹ نے محفوظ کیا گیا فیصلہ سناتے ہوئے کہا تھا کہ انٹرا کورٹ اپیلیں منظور ہو گئیں۔ عدالت عظمٰی نے اپنے فیصلے میں کہا تھا کہ بانی پی ٹی ا?ئی ثابت نہیں کرسکے کہ نیب ترامیم غیرا? ئینی ہیں۔ سپریم کورٹ نے نیب ترامیم کالعدم قرار دینے کے خلاف اپیلوں پر 3 ماہ بعد محفوظ فیصلہ سناتے ہوئے نیب ترامیم بحال کردی تھیں۔ عدالت عظمٰی نے فیصلے میں کہا تھا کہ 3 رکنی بینچ کا فیصلہ ثابت نہیں کرسکا کہ نیب ترامیم ا? ئین سے متصادم تھیں۔

بقیہ بقیہ جات 2

کو منتقل کرنے کے لیے مفت ٹرانسپورٹ سہولت دینے کا منصوبہ بھی ایجنڈے میں شامل ہے۔ اس کے علاوہ بلدیاتی نمائندوں کو اختیارات دینے کا بل بھی ایجنڈے کا حصہ ہے۔

بقیہ بقیہ جات 3

کر رہے ہیں۔ غیرملکی خبررساں ادارے کے مطابق اقوام متحدہ میں پاکستانی مشن میں فرسٹ سیکرٹری سرفراز گوہر نے سماجی، انسانی اور ثقافتی مسائل پر جنرل اسمبلی کی تھرڈ کمیٹی میں جبری گمشدگیوں سے متعلق ورکنگ گروپ کے ساتھ انٹرایکٹو ڈائیلاگ کے دوران کہا کہ پاکستان اندرون ملک جبری گمشدگیوں کے معاملات کو حل کرنے کے لیے الرٹ رہتا ہے لیکن ہم تنازعات والے علاقوں، خاص طور پر غیرملکی قبضے والے ممالک میں اس حوالے سے تشویشناک صورتحال کو نظرانداز نہیں کرسکتے۔ انہوں نے کہا کہ بھارت کے غیرقانونی زیر تسلط جموں وکشمیر میں کئی دہائیوں سے کشمیری عوام خوف اور تشدد کے ماحول کا سامنا کر رہے ہیں، جہاں جبری گمشدگیاں قابض بھارتی افواج کے جبر کی علامت بن چکی ہیں۔ پاکستانی مندوب نے کہا کہ جبری گمشدگیاں اکثر تشدد، ماورائے عدالت قتل اور اجتماعی قبروں سمیت مزید زیادتیوں کا نتیجہ ہیں۔ انہوں نے معروف انسانی حقوق کی تنظیموں کا حوالہ دیتے ہوئے کہا کہ 8 ہزار سے زیادہ کشمیریوں کا کچھ پتہ نہیں کہاں ہیں۔ بھارت کی جانب سے 5 اگست 2019 کو جموں وکشمیر کی خصوصی حیثیت کے خاتمے کے بعد مزید 15 ہزار نوجوانوں کو جبری گمشدگیوں کا نشانہ بنایا گیا، جس کے باعث خوف کی فضا میں مزید اضافہ ہوگیا ہے۔

بقیہ بقیہ جات 4

الفاظ میں مذمت کی اور حملے میں 3 افراد کے جاں بحق ہونے کے واقعہ پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا۔ وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے ترکیہ کی حکومت اور عوام سے دلی ہمدردی اور تعزیت کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ دکھ کی گھڑی میں ترکیہ حکومت اور عوام کے ساتھ مکمل یکجہتی کا اظہار کرتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کی تمام تر ہمدردیاں جاں بحق افراد کے لواحقین اور زخمیوں کے ساتھ ہیں۔ وزیر داخلہ نے کہا کہ دہشتگردوں کا کوئی مذہب اور علاقہ نہیں، ہم ترکیہ کے بہن بھائیوں کے ساتھ کھڑے ہیں۔ وفاقی وزیرداخلہ محسن نقوی نے زخمیوں کی جلد صحتیابی کیلئے دعا بھی کی۔

بقیہ بقیہ جات 5

پرسوچ سمجھ کر وفاقی حکومت کا ساتھ دیا ہے۔ جی ٹی وی سے گفتگو کرتے ہوئے رکن قومی اسمبلی مبارک زیب نے کہا کہ پی ٹی آئی نے میرے بھائی شہید ریحان زیب کے ساتھ اچھا سلوک نہیں کیا تھا، ترمیم کے لیے ووٹ دینے کے فیصلے سے ریحان زیب کی روح کو سکون مل گیا ہوگا۔ مبارک زیب نے کہا کہ وفاقی حکومت نے باجوڑ کے لیے فنڈز جاری کرنیکا وعدہ کیا ہے، وفاقی حکومت سے مشیر بنانے کا مطالبہ بھی کیا ہے، شہید ریحان زیب کے قاتلوں کی گرفتاری پر وفاقی حکومت سے بات ہوئی ہے۔ مبارک زیب نے کہا کہ میں پی ٹی آئی کے ٹکٹ پر نہیں آزاد حیثیت سے کامیاب ہوا تھا۔ پی ٹی آئی نے تو مجھے پارلیمانی پارٹی واٹس ایپ گروپ میں بھی ایڈ نہیں کیا، پی ٹی آئی کا میرے ساتھ سوتیلی ماں جیسا سلوک ہے۔ پی ٹی آئی کا یہی رویہ ہو اور وفاقی حکومت کا تعاون بھی نہ ہو تو علاقے کا کیا بنے گا؟ وزیراعلیٰ کی جانب سے علاقے کیلئے آج تک ایک پائی نہیں ملی، علی امین نے ایکسائز پولیس کی ایک خراب گاڑی دی تھی جو واپس لے لی ہے۔ انہوں نے کہا کہ میں نہ تو پی ٹی آئی سے وابستہ ہوں اور نہ دوسری سیاسی جماعت میں شرکت کی ہے۔ خیال رہے کہ رکن قومی اسمبلی مبارک زیب باجوڑ سے پی ٹی آئی کے شہید کارکن ریحان زیب کے بھائی ہیں۔ رواں برس فروری میں ہونے والے عام انتخابات کے دوران قومی اسمبلی کے حلقہ این اے باجوڑ 8 سے آزاد امیدوار ریحان زیب نامعلوم افراد کی فائرنگ سے جاں بحق ہو گئے تھے۔

بقیہ بقیہ جات 6

کی براہ راست غیرملکی سرمایہ کاری (ایف ڈی آئی) آئی جس میں صرف ستمبر میں 224.8 ملین ڈالر کا نمایاں حصہ رہا۔ گوادر پرو کے مطابق جولائی سے ستمبر 2024 کے دوران ملک کو مختلف ممالک سے مجموعی طور پر 903.5 ملین ڈالر کی براہ راست غیرملکی سرمایہ کاری موصول ہوئی جس میں چین سرفہرست ہے، جو مجموعی طور پر 44.8 فیصد ہے۔ گوادر پرو کے مطابق مزید برآں ہانگ کانگ نے اس عرصے کے دوران پاکستان کی ایف ڈی آئی میں 101.7 ملین ڈالر کا حصہ ڈالا۔ دیگر اہم سرمایہ کاری برطانیہ سے آئی، جس نے 79.8 ملین ڈالر کی سرمایہ کاری کی۔ سوئٹزرلینڈ، 32.9 ملین ڈالر کے ساتھ۔ سویڈن، 30 ملین ڈالر کا تعاون کررہا ہے۔ اور متحدہ عرب امارات، جس نے 25.5 ملین ڈالر کا اضافہ کیا۔ ایف ڈی آئی کا بقیہ حصہ مختلف دوسرے ممالک سے آیا تھا۔ ستمبر میں چین نے سب سے بڑے سرمایہ کار کی حیثیت سے اپنی حیثیت کا اعادہ کیا، جس نے 224.8 ملین ڈالر کا حصہ ڈالا، جو اس مہینے کے لئے تمام شراکت دار ممالک سے موصول ہونے والے کل 414.6 ملین ڈالر کا 44.7 فیصد ہے۔ گوادر پرو کے مطابق اس کے مقابلے میں مالی سال 2023-24 کی پہلی سہ ماہی میں چین سے براہ راست غیرملکی سرمایہ کاری 163.9 ملین ڈالر رہی۔ حالیہ اضافے سے رواں مالی سال کے دوران پاکستان میں چینی سرمایہ کاری میں 164 فیصد اضافہ ہوا ہے۔ گوادر پرو کے مطابق شعبے کے لحاظ سے توانائی کے شعبے میں سب سے زیادہ 416.3 ملین ڈالر کی سرمایہ کاری ہوئی جس میں سے ہائیڈل پاور نے 334.4 ملین ڈالر، کوئلے نے 55.9 ملین ڈالر اور تھرمل پاور نے 25.9 ملین ڈالر حاصل کیے۔ ایف ڈی آئی کی یہ زبردست آمد پاکستان کے معاشی منظرنامے کے لئے ایک مثبت اشارہ ہے، جو بین الاقوامی سرمایہ کاروں کے لئے ملک کی بڑھتی ہوئی اپیل اور سرمایہ کاروں کو فراہم کی جانے والی سہولیات کو اجاگر کرتی ہے۔

بقیہ بقیہ جات 7

کی میڈیکل یونیورسٹیز میں زیرتعلیم فلسطینی طلبہ کے اعزاز میں منعقدہ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے وزیراعظم نے کہا کہ کھلے دل سے فلسطینی طلبہ کو خوش آمدید کہتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان جتنا میرا گھر ہے اتنا ہی آپ کا ہے، ہمارے دل آپ کے ساتھ دھڑکتے ہیں، عوام مشکل کی اس گھڑی میں فلسطینی اور لبنانی بھائیوں کے ساتھ کھڑے ہیں۔ وزیراعظم نے کہا کہ فلسطین میں جارحیت پر دنیا خاموش تماشائی بنی ہوئی ہے، اسرائیل مسلسل بے گناہ فلسطینیوں کی نسل کشی کررہا ہے، فلسطین میں ہرشہر اور گاؤں تباہی کا منظر پیش کررہا ہے، سلامتی کونسل کی قراردادیں اور عالمی عدالت انصاف بے بس نظر آرہی ہے۔ شہباز شریف نے کہا کہ عالمی برادری نے جنگ بندی کے لیے موثر کردار ادا نہیں کیا، اسرائیل نے اقوام متحدہ کی قراردادوں، عالمی سفارشات کو ردی کی ٹوکری میں پھینک دیا، اسرائیل نے ظلم اور سفاکانہ جارحیت سے 43 ہزار سے زائد فلسطینیوں کو شہید کردیا۔ انہوں نے کہا کہ فلسطینی طلبہ کو پاکستان میں تعلیم کے لیے تمام سہولیات فراہم کی جائیں گی، پاکستان میں 145 فلسطینی طلبہ کی موجودگی شروعات ہے۔ انہوں نے کہا کہ فلسطینی طلبہ کو سرکاری خرچ پر تعلیم کی سہولیات فراہم کی جائیں گی، فلسطین سے مزید طلبہ کو پاکستان لانے اور تعلیم کے لیے اقدامات کو یقینی بنایا جائے گا۔

بقیہ بقیہ جات 8

حاجی عزیز الرحمن، فیصل میر، رانا نبیل سیج، فائزہ ملک، زاہد ذوالفقار، آصف ناگرہ، عاطف رفیق، امجد جٹ،، نرگس خان، رانا اشعر نثار، یاسر بارا اور ایڈون سہوترا شامل ہیں۔ یہ کمیٹی 31 اکتوبر کو ہونے والے پارلیمانی بالادستی مارچ کو کامیاب بنانے کی تیاریاں کرے گی۔

بقیہ بقیہ جات 9

سبزیاں دوائیاں ساری چیزیں مہنگی ہورہی ہیں، اس پر علی پرویز ملک نے کہا کہ مہنگائی پچھلے سال 38 فیصد پر تھی، اب سات فیصد پر آ گئی ہے، مہنگائی بڑھنے کی رفتار کم ہوگئی ہے، آغا رفیع اللہ نے روش پاکستان کے تعاون سے چلنے والے کینسر کی ادویات فراہم کرنے کے منصوبے سے متعلق سوال کا جواب دیتے ہوئے پارلیمانی سیکرٹری برائے منصوبہ بندی وجیہہ قمر نے کہا کہ کے اس منصوبے کی اہمیت سے انکار کسی کو نہیں ہے

بقیہ بقیہ جات 10

کے احکامات جاری کر دیئے۔ جنرل اسسٹنٹ ریونیو قصور سجاد احمد قریشی کو تبدیل کرکے سب رجسٹرار نشتر ٹاؤن لاہور تعینات، عبداللہ غازی خان کو اسسٹنٹ کمشنر (ایچ آر اینڈ کوآرڈینیشن) راولپنڈی تعینات، سیکشن آفیسر محکمہ داخلہ عثمان شاہزیب کی خدمات پلاننگ اینڈ ڈویلپمنٹ بورڈ کے سپرد، سیکشن آفیسر محکمہ جنگلات احمد علی رضا کو تبدیل کرکے سیکشن آفیسر کوآپریٹو ڈیپارٹمنٹ تعینات اور نسیم الغنی کو سیکشن آفیسر محکمہ لائیو سٹاک تعینات کردیا گیا۔

بقیہ بقیہ جات 11

سائبر کرائم ونگ نے مبینہ غیر اخلاقی ویڈیوز کو سوشل میڈیا پر نشر کرنے کے الزام میں ڈاکٹر عامر لیاقت مرحوم کی سابقہ بیوی اور ٹک ٹاکر دانیہ شاہ کے شوہر کو گرفتار کر لیا۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق ترجمان ایف آئی اے کی جانب سے جاری بیان کے مطابق سائبر کرائم ونگ نے ملزم حکیم شہزاد المعروف لوہا پاڑ کو گزشتہ روز پنجاب کے شہر ملتان کے علاقے شجاع آباد سے گرفتار کیا۔ بیان میں کہا گیا کہ ملزم نے سوشل میڈیا پر غیر اخلاقی ویڈیوز بنائی تھیں۔ ترجمان ایف آئی اے کے مطابق گرفتار ملزم ڈاکٹر عامر لیاقت مرحوم کی سابقہ بیوی دانیہ شاہ کا شوہر ہے۔ ایف آئی اے نے اپنے بیان میں کہا کہ گرفتار ملزم کے خلاف مقدمہ درج کر کے مزید قانونی کارروائی شروع کردی گئی۔

بقیہ بقیہ جات 12

کی سماعت ہوئی۔ علی امین گنڈاپور کے خلاف کیس کی سماعت سول جج مبشر حسن نیکی۔ علی امین گنڈاپور عدالت میں پیش نہیں ہوئے، ان کے وکیل ظہور الحسن عدالت پیش ہوئے۔ علی امین گنڈاپور کے وارنٹ گرفتاری کی تعمیلی رپورٹ عدالت میں جمع کرادی گئی۔ رپورٹ کے مطابق پولیس نے ناقابل ضمانت وارنٹ گرفتاری پر عمل درآمد نہیں کیا۔ عدالت نے ایس ایس پی آپریشن اسلام آباد کو وارنٹ گرفتاری پر عمل درآمد کروانے کے احکامات جاری کر دیے۔ عدالت کی جانب سے آئندہ سماعت پر علی امین گنڈاپور کو گرفتار کرکے کمرہ عدالت میں پیش کرنے کا حکم دے دیا گیا۔ عدالت نے علی امین گنڈاپور کے ضامن کو بھی نوٹس جاری کر دیا۔ عدالت نے علی امین گنڈاپور کے وارنٹ گرفتاری برقرار رکھے اور سماعت 26 اکتوبر تک ملتوی کر دی۔

بقیہ بقیہ جات 13

زیراہتمام ہونے والی تقریب میں سیکرٹری ماحولیات پنجاب راجہ جہانگیر، سابق میئر لاہور کرنل (ر) جاوید مبشر، UNDP کے پروگرام منیجر عثمان منظور، علی حبیب اور ماحولیات کے ماہرین کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔ اس موقع پر مختلف کالجوں اور یونیورسٹیوں کے اساتذہ اور طلبہ کے علاوہ سرکاری اور نیم سرکاری اور پرائیویٹ اداروں کے نمائندگان بھی موجود تھے۔ لاہور کلائمیٹ ایکشن پلان دنیا بھر میں چلنے والے میئر C40 پروگرام کا حصہ ہے، جس کے تحت لاہور شہر میں ا?لودگی اور اس سے پیدا کردہ گھمبیر مسائل پر قابو پانے کے لیے پالیساں بنائی جائیں گی، حاضرین کا کہنا تھا کہ لاہور میں دن بدن بڑھنے والی سموگ پر قابو پانا بے حد ضروری ہے تا کہ لاہوریوں کو صاف ستھرا ماحول مہیا کر کے ان کی زندگی کو لاحق خطرات سے بروقت مقابلہ کیا جاسکے۔ لاہور کے لیے اپنی طرز کے اس پہلے منصوبے کی مدد سے آلودگی، بڑھتے ہوئے درجہ حرارت موسمیاتی تبدیلیوں اور قدرتی آفات جیسے سیلاب وغیرہ کے اثرات کو کم کرنے میں خاطر خواہ مدد ملے گی

بقیہ بقیہ جات 14

بحالی کا مطالبہ کردیا۔ کور کمیٹی کے جاری اعلامیہ میں کہا گیا کہ بانی چیئرمین عمران خان کی جیل سے رہائی کی جامع حکمت عملی پر غور کیا گیا، عوامی احتجاج سمیت ملک گیر تحریک کی منصوبہ بندی اور تیاریوں کیلئے ذیلی کمیٹیوں کی تشکیل پر اتفاق کیا گیا، اعلامیہ میں علیمہ خانم، عظمٰی خانم، اعظم سواتی اور انتظار حسین پنجوتھہ ایڈووکیٹ سے روا رکھی جانے والی سفاکیت کی شدید مذمت اور ان کی فوری رہائی کا پوری شدت سے مطالبہ کیا گیا جبکہ کور کمیٹی نے نامکمل ایوانوں سے چھبیسویں ا? ئینی ترمیم کی جبر، فسطائیت اور ہارس ٹریڈنگ جیسے کالے ہتھکنڈوں کے ذریعے منظوری کی شدید مذمت کی، کمیٹی اجلاس میں پارٹی پالیسی کی خلاف ورزی کے مرتکب اراکین قومی اسمبلی و سینٹ کو شوکاز نوٹسز کے اجراء کے سیاسی کمیٹی کے فیصلے کی مکمل توثیق کی گئی

بقیہ بقیہ جات 15

کے بحالی کیلئے طویل جدوجہد کی۔ صدر نے بیگم نصرت بھٹو کی جمہوریت کیلئے قربانیوں کو خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان میں جمہوریت کی بحالی میں ان کی خدمات ناقابل فراموش ہیں۔ انہوں نے کہا کہ بیگم نصرت بھٹو نے مشکل دور میں پاکستان پیپلز پارٹی کو قیادت فراہم کی، جمہوریت کیلئے ان کی قربانیوں اور سیاسی خدمات کو خراج عقیدت پیش کرتے ہیں۔ صدر مملکت نے کہا کہ بیگم نصرت بھٹو نے آمرانہ حکومت کے ظلم وجبر کا ہمت اور بہادری سے مقابلہ کیا، وہ مادر جمہوریت اور عزم اور حوصلے کی علامت ہیں۔ آصف علی زرداری نے کہا کہ بیگم نصرت بھٹو سیاسی بصیرت کی حامل اور مدبر رہنما تھیں، انہوں نے خواتین کی خودمختاری اور سیاست میں ان کی شمولیت میں اہم کردار ادا کیا۔ صدر مملکت نے کہا کہ بیگم نصرت بھٹو کی 13 ویں برسی پر ان کے مشن کو جاری رکھنے کے عزم کا اعادہ کرتے ہیں۔

بقیہ بقیہ جات 16

برداری کے لیے مہمانوں کی فہرست طلب کر لی گئی۔ ذرائع کے مطابق صدر ہاؤس کی جانب سے چیف جسٹس پاکستان کی حلف برداری تقریب کے سلسلہ میں سپریم کورٹ سے رابطہ کیا گیا ہے۔ صدر ہاؤس نے جسٹس یحیٰی آفریدی کی حلف برداری تقریب کے لیے مہمانوں کی فہرست مانگی ہے، سپریم کورٹ نے فہرست دینے کے لیے کل تک کا وقت مانگ لیا ہے۔

بقیہ بقیہ جات 17

ایم سی) کے تعاون سے 14 ملین ڈالر کی لاگت سے گوادر سمارٹ انوائرمنٹ سینی ٹیشن سسٹم اور لینڈ فل پراجیکٹ تیار کیا گیا ہے۔ گوادر سمارٹ انوائرمنٹ سینی ٹیشن سسٹم اور لینڈ فل پراجیکٹ جدید ایس او پیز اور جدید مشینری کے ذریعے ہر قسم کے رہائشی اور تجارتی فضلے کو اٹھانے، ری سائیکل کرنے اور ڈمپ کرنے میں مدد دے گا۔ جی ایم سی حکام نے گوادر پرو کو بتایا کہ تجارتی سرگرمیوں میں مسلسل اضافے اور ہاؤسنگ یونٹس کی بڑھتی ہوئی تعداد کے پس منظر میں 2024 میں صرف گوادر شہر روزانہ 20 ٹن سے زیادہ کچرا پیدا کرتا ہے جبکہ 2010 میں یہ 5 ٹن یومیہ تھا۔ گوادر پرو کے مطابق انہوں نے کہا کہ اس وقت گوادر میں زیادہ تر ٹھوس فضلہ غیر اعلانیہ لینڈ فلز یا کھلے میدانوں میں کھلے میں پھینکا جاتا ہے۔ اگرچہ ٹھوس فضلے کے زیادہ تر اجزا غیر فعال اور دوبارہ استعمال اور ری سائیکلنگ کے لئے مفید ہیں، لیکن دیگر عام لوگوں کے لئے انتہائی خطرناک اور مہلک ثابت ہوسکتے ہیں۔ منصوبے کا مقصد گوادر شہر میں پائیدار ترقی کو یقینی بنانے کے لئے اسمارٹ صفائی ستھرائی اور سالڈ ویسٹ مینجمنٹ سسٹم قائم کرنا ہے۔ اس منصوبے میں مکینیکل صفائی اور دستی صفائی شامل ہے جس کے لئے چھڑکا کرنے والے ٹرک اور سوپر ٹرک استعمال کیے جائیں گے۔ منصوبے میں کنٹینرز جمع کرنے کا نظام، دستی جمع کرنے کا نظام، اور نقل وحمل کا نظام بھی شامل ہے۔ سیل شدہ کچرے کے کنٹینرز عوامی اور رہائشی علاقوں میں رکھے جائیں گے۔ ٹھوس فضلہ جمع کرنے والے اہلکاروں کو گھر گھر جمع کرنے کا انتظام کیا جائے گا۔ گوادر پرو کے مطابق ٹھوس فضلے کا ایک اہم جزو بائیوڈی گریڈ ایبل فضلہ ہے جس کی کوئی قیمت نہیں ہوتی ہے اور یہ ہر قسم کے فضلے میں بدترین ہے کیونکہ یہ پھینکے جانے کے فوراً بعد سڑ جاتا ہے۔ کیڑے مکوڑے اور کیڑے نامیاتی فضلے کو پناہ دیتے ہیں، جس سے ایروبک سڑنے کی وجہ سے بدبو آتی ہے۔ یہ ماحول میں گرین ہاس گیسوں (جی ایچ جی) کا اخراج بھی کرتا ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ نامیاتی ٹھوس فضلے کو ری سائیکل کرنے کا بہترین طریقہ یہ ہے۔ گوادر پرو کے مطابق ماہر ماحولیات زاہد بلوچ نے کہا کہ ٹھوس فضلہ بنیادی طور پر دھات، کاغذ، پلاسٹک، ربڑ، جانوروں کا فضلہ، خوراک کا فضلہ، گھاس، پتے، ٹیکسٹائل فضلہ، شیشے، ہڈیوں، پتھروں وغیرہ پر مشتمل ہوتا ہے۔ گوادر پرو کے مطابق انہوں نے مزید کہا بنیادی طور پر، فضلے کو میونسپل ٹھوس فضلے اور خطرناک فضلے میں درجہ بندی کیا جا سکتا ہے، تاہم، اس کی ری سائیکلنگ صلاحیت کے لحاظ سے، ٹھوس فضلے کو دھات، پلاسٹک، کاغذ، شیشے اور ربڑ کی اشیا میں درجہ بندی کیا جاسکتا ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ اگر ری سائیکلنگ کمپنیاں گوادر میں مصروف ہیں تو ان تمام اشیا کی قیمت ان پر ٹیگ لگادی گئی ہے اور مارکیٹ کے لئے مفید مصنوعات تیار کرنے کے لئے ری سائیکلنگ کے ذریعے فروخت اور پروسیسنگ کی جاتی ہے۔ گوادر پرو کے مطابق انہوں نے کہا کہ اس وقت پاکستان میں ٹھوس فضلہ جمع کرنے کا حجم کل پیدا ہونے والے کچرے کا صرف 50 فیصد ہے۔ ری سائیکلنگ سب سے موثر ذرائع میں سے ایک ہے جس کے ذریعے ٹھوس فضلے کو کم کیا جاسکتا ہے اور مواد کو دوبارہ استعمال کرکے اور انہیں دوبارہ پیداواری استعمال میں لاکر قدرتی وسائل کو محفوظ کیا جاسکتا ہے۔

بقیہ بقیہ جات 18

کی ادائیگی کے لیے (آج) جمعرات کو مکہ روانہ ہوں گے اور چیف جسٹس قاضی فائز عیسیٰ کے اعزاز میں الوداعی فل کورٹ میں شریک نہیں ہوں گے۔ ذرائع کے مطابق جسٹس منصور علی شاہ آج جمعرات کو عمرے کی ادائیگی کیلئے اہلخانہ کے ہمراہ مکہ روانہ ہوں گے اور چیف جسٹس قاضی فائز عیسیٰ کے اعزاز میں ہونے والے ریفرنس میں شریک نہیں ہوسکیں گے۔ ذرائع کے مطابق جسٹس منصور علی شاہ عمرے کی ادائیگی کے بعد یکم نومبر کو ملک میں واپس آئیں گے۔

بقیہ بقیہ جات 19

ملاقات کی۔ اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے گورنر پنجاب سردار سلیم حیدر خان نے کہا کہ پاکستان میں سکھ، کرسچن اور ہندو سمیت تمام اقلیتیں آزادانہ اور پرسکون زندگی گزار رہی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کے آئین کے مطابق اقلیتوں کو برابر کے حقوق حاصل ہیں جبکہ ملازمتوں میں اقلیتوں کا 05 فیصد کوٹہ مختص ہے۔ گورنر پنجاب نے کہا کہ دنیا میں انسانیت کی بھلائی امن وسلامتی سے وابستہ ہے اور موجودہ حالات میں مذہبی ہم آہنگی کو پروان چڑھانے کے لئے باہمی رواداری اور محبت کو اور زیادہ مضبوط اور مستحکم بنانے کی ضرورت ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان، سکھ کمیونٹی کو اپنا سمجھتے ہیں۔ گورنر پنجاب نے کہا کہ آپ پاکستان آئے، آپ سب کا شکریہ، آپ کے آنے سے گورنر ہاؤس کی عزت میں اضافہ ہوا۔ انہوں نے کہا کہ ملک میں مجموعی طور پر امن وامان کی صورتحال تسلی بخش ہے جبکہ پنجاب میں مکمل طور پر امن ہے۔ گورنر پنجاب نے کہا کہ ہمارے لوگ محبت کرنے والے اور مہمان نواز ہیں ہم چاہتے ہیں آپ یہاں آئیں۔ گورنر پنجاب نے مزید کہا کہ پاکستانی قوم بہت مخیر ہے جو رفاعی کاموں میں اربوں روپے کی چیرٹی کرتے ہیں۔ ایک سوال کے جواب میں گورنر پنجاب نے کہا کہ پاکستانی خواتین تعلیم سمیت مختلف شعبوں میں اپنی صلاحیتوں کا لوہا منوا رہی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ حکومت خواتین کو بااختیار بنانے پر یقین رکھتی ہے اور اس کے لیے ہر ممکن اقدامات اٹھا رہی ہے۔ گورنر پنجاب نے کہا کہ بے نظیر انکم سپورٹ پروگرام کے ذریعے لاکھوں غریب / مستحق خواتین کو معاشی طور پر بااختیار بنایا جا رہا ہے۔ رنجیت سنگھ کاہلوں نے کہا کہ پاکستانی بڑے مہمان نواز اور امن پسند ہیں۔ پندر سنگھ نے کہا کہ ہمیں پاکستان کے لوگوں نے بہت پیار دیا۔ وفد نے گورنر پنجاب سے پاکستان میں سکھوں کے مذہبی مقامات کی دیکھ بھال اور ان کی تعمیر و بحالی سے بھی بات کی۔ گورنر پنجاب نے کہا کہ حکومت پاکستان نے ہمیشہ کوشش کی کہ اقلیتوں کے مذہبی مقامات کا خیال رکھیں۔ وفد نے پاکستان میں سکھ مذہبی مقامات کی بحالی اور تعلیم کے فروغ کے لئے سرمایہ کاری کرنے کا بھی اظہار کیا۔ علاوہ ازیں گورنر پنجاب سردار سلیم حیدر خان نے مرحوم صحافی انصار نقوی اور رکن قومی اسمبلی بیگم رعنا انصار کے بیٹے شاہ زیب کے ٹریفک حادثے میں انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ دکھ کی اس گھڑی میں ان کی تمام ہمدردیاں سوگوار خاندان کے ساتھ ہیں۔ گورنر پنجاب نے دعا کی کہ اللہ تعالی مرحوم کے درجات بلند فرمائے اور لواحقین کو صبر جمیل عطا کرے۔

بقیہ بقیہ جات 20

نوٹیفائی کردیا۔ الیکشن کمیشن آف پاکستان کے جاری کردہ اعلامیے کے مطابق الیکشن ٹریبونل کے 9 اکتوبر 2024 کے فیصلے پر عملدرآمد کرتے ہوئے بلوچستان اسمبلی کے حلقہ پی بی 44 کوئٹہ VII سے کامیاب ہونے والے امیدوار میر عبیداللہ گورگیج کو ڈی نوٹیفائی کردیا گیا ہے۔ واضح رہے کہ نیشنل پارٹی کے عطاء اللہ بنگلزئی نے عبید اللہ گورگیج کی کامیابی کے فیصلے کو بلوچستان ہائی کورٹ کے الیکشن ٹریبونل میں چیلنج کیا تھا۔

بقیہ بقیہ جات 21

ہوگا، عالمی رینکنگ میں پاکستانی عدلیہ کو اور نیچے دھکیل دیا گیا۔ اپنے ایک بیان میں انہوں نے کہا کہ انتخابات میں دھاندلی کی پیداوار پارلیمنٹ ریت کی دیوار ثابت ہوئی۔ انہوں نے کہا کہ آئینی ترامیم منظور ہوگئیں، پارلیمنٹ مفلوج ربڑ اسٹیمپ ثابت ہوئی

بقیہ بقیہ جات 22

سرمایہ کاری ہے۔ درخت ہمارے دوست اور ہمیں مختلف آفات سے بچاتے ہیں۔ پاکستان کے موجودہ جنگلات پاکستانیوں کیلئے کافی نہیں، شجرکاری کو ریاستی اور معاشرتی سطح پر اپنی ترجیحات کا حصہ بنانا ہوگا۔ معاشرے کا ہر بشر اپنی اور اپنوں کی صحتمند زندگی اور انہیں اچھی آب وہوا کی فراہمی یقینی بنانے کیلئے ایک شجر ضرور لگائے۔ وہ بدھ کے روز ڈاکٹر اے کیو خان ٹرسٹ (رجسٹرڈ) کے ہیڈ آفس میں درخت لگانے کے بعد سٹاف سے خطاب کررہی تھیں۔ اس دوران شبانہ ندیم ایڈووکیٹ اور انٹرنیشنل ہیومن رائٹس موومنٹ کے مرکزی چیئرمین و کالم نگار محمد ناصر اقبال خان بھی وہاں موجود تھے۔ رشدہ لودھی ایڈووکیٹ نے مزید کہا کہ درخت آج بھی فطرت کے حسن کو چار چاند لگادیتے ہیں، ان کی قدر اور انہیں سیراب کریں۔ قدرت کو بھی درخت بیحد پسند ہیں، دنیا بھر میں جہاں بھی کوئی مسلمان ایک بار سبحان اللہ کہتا ہے تو محشر کے بعد اسے جو جنت ملے گی وہاں ایک درخت لگا دیا جاتا ہے۔ یاد رکھیں قومی خوشحالی اور ہریالی کیلئے شجرکاری مہم کے دوران کوئی پیچھے نہ رہے، وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز کی قیادت میں صوبائی سطح پر شجرکاری کا منفرد اور منظم انداز مستحسن ہے۔ انہوں نے کہا کہ شجرکاری مہم کی فقیدالمثال کامیابی کیلئے ہمارے معاشرے کا ہر فرد اور طبقہ پنجاب کی متحرک اور انتھک وزیراعلیٰ مریم نواز کا بھرپور ساتھ دیا اور یقیناً آئندہ بھی دے گا۔ عوام شجرکاری کے دوران گلی محلوں سمیت شہری آبادیوں میں زیادہ سے زیادہ پھل دار درخت لگانے کا اہتمام کیا کریں جو انسانوں کے ساتھ ساتھ پرندوں کیلئے بھی پھل، سایہ اور آکسیجن کی فراہمی میں مددگار ہوں گے۔ پھل دار درخت ناپید ہونے سے انسان دوست خوبصورت پرندے مرتے یا ہجرت کرتے جارہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ قانون سازی کرتے ہوئے پیڑوں کی کٹائی روکنا ہوگی، انسانوں کی طرح درخت بھی جاندار اور ان کے بھی بچے ہوتے ہیں لہٰذا ان پر کلہاڑا چلانے کی اجازت نہیں دی جاسکتی۔

بقیہ بقیہ جات 23

بڑھانے کا اعلان کردیا۔ بلوچستان کے بلدیاتی اداروں کے سربراہوں سے ملاقات میں سرفراز بگٹی نے کہا کہ فنڈز کا اجرا کارکردگی سے مشروط ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ وسائل کے بیدریغ استعمال، کرپشن روکنے اور اینٹی کرپشن اسٹیبلشمنٹ کے ساتھ موثر میکنزم بنانے کا حکم دیا ہے۔

بقیہ بقیہ جات 24

ڈائریکٹر جنرل بہبود آبادی پنجاب ثمن رائے نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ خواتین کی قائدانہ صلاحیتوں کو بڑھانے کے لیے ایک پلیٹ فارم کی تشکیل پر پوڈا کی کاوشوں کو ہر سطح پر سراہا جا رہا ہے۔ انہوں نے دیہی سطح پر زیتون کی پیداوار میں پوڈا کے تربیتی اقدامات کا بھی اعتراف کیا جو خواتین کو معاشی طور پر بااختیار بناتے ہیں۔ ملک کی ترقی میں صوبے کی خواتین کے کردار کو کسی صورت پس پشت نہیں ڈالا جا سکتا ہے۔ وقت کا تقاضا ہے کہ دیہی خواتین اور لڑکیوں کے مسائل حل کرنے پر توجہ دی جائے۔ دیہی خواتین غذائی تحفظ، زرعی استحکام، ماحولیاتی تحفظ، صحت اور تعلیم کے شعبوں میں ان کی شراکت بہت اہمیت کی حامل ہے۔ انہوں نے کہا کہ دیہی خواتین پاکستان کی زرعی لیبر فورس کا اہم ستون ہیں۔ دیہی خواتین کو وسائل کی دستیابی سے ملک کی زرعی پیداوار میں تیز تر اضافہ ممکن ہوسکتا ہے۔ جس سے بھوک اور غربت میں کمی واقع ہو گی اور دیہی خواتین کی زندگیوں میں بہتری سامنے آئے گی۔ دیہی خواتین کی شرکت غذائی تحفظ، زرعی استحکام، ماحولیاتی تحفظ اور صحت اور تعلیم کے شعبوں میں نہایت ضروری ہیں۔ دیہی خواتین کے لیے معیاری تعلیم، صحت کی دیکھ بھال اور معاشی پائیداری حکومت کا عزم ہے۔ تین روزہ ایونٹ میں صوبوں، گلگت بلتستان اور آزاد کشمیر کے اضلاع سے خواتین نے دیہی خواتین کو کسانوں کے طور پر تسلیم کرنے کا اعزاز حاصل کیا۔ کانفرنس میں ثقافتی پرفارمنس اور موسمیاتی تبدیلی، ڈیجیٹل خواندگی اور انٹرپرینیورشپ زیر بحث آئی جس میں پاکستان میں دیہی خواتین کے لیے اہم چیلنجز اور مواقعوں کو اجاگر کیا گیا۔

بقیہ بقیہ جات 25

فرق نہیں پڑتا۔ انہوں نے کہا کہ پی ٹی آئی کی لیڈرشپ امیچور فیصلے کررہی ہے، ہم نے تو اتنی محنت کی ہے، پارٹی کو یہاں پہنچانے میں 10 سال لگے ہیں۔ فواد چوہدری نے کہا کہ اب چیف جسٹس کے تقرر کی پارلیمانی کمیٹی میں نہیں گئے، پوچھتا ہوں کیا آئینی بینچز بننے والی کمیٹی میں بھی نہیں بیٹھیں گے؟۔ انہوں نے کہا کہ اگر یہی کچھ کرنا ہے تو پھر پارلیمنٹ سے ہی باہر آجائیں، آپ آدھے نظام کے اندر اور آدھے باہر ہیں۔ سابق وفاقی وزیر نے کہا کہ احتجاج کی کال ایسے دیتے ہیں جیسے بچے کو چاکلیٹ دکھانا کہ صبح سارے آجائیں، پی ٹی آئی کا بھرم ہی ختم کردیا اور لوگوں کو خراب کیا۔ انہوں نے کہا کہ پارٹی میں یہ تو سارے بچے اکٹھے ہوگئے ہیں، پی ٹی آئی کھلنڈروں کے ہاتھ میں ہے، ایسا لگ رہا ہے جیسے بچوں کو کھلنے کیلئے دی گئی ہے۔

بقیہ بقیہ جات 26

پسندیدگی کی بنیاد پر نہیں ہوئی۔ ایک انٹرویو میں انہوں نے کہا کہ جسٹس یحیٰی آفریدی غیر متنازع جج ہے، جسٹس یحیٰی آفریدی کو چیف جسٹس پاکستان نامزد کرنا خوش آئند ہے۔ احسن بھون نے کہا کہ جسٹس یحیٰی آفریدی نے بطور جج آئین وقانون کے تحت فیصلے دیئے ہیں

بقیہ بقیہ جات 27

رسمیت 46 افراد کے وارنٹ گرفتاری عملدرآمد کے لئے جاری کردیئے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق ٹریبونل کے چیف پراسیکیوٹر ایڈووکیٹ تاج الاسلام نے کہا کہ سابق وزیراعظم شیخ حسینہ اور عوامی لیگ کے جنرل سیکرٹری عبیدالقادر سمیت 46 افراد کے خلاف نسل کشی اور انسانیت کے خلاف جرائم کے الگ الگ مقدمات میں جاری کئے گئے

بقیہ بقیہ جات 28

کی درخواست پر پیش رفت کا امکان ہے۔ بھارتی میڈیا رپورٹس کے مطابق ممکنہ طور پر اس بار بھارت برکس میں پاکستان کی رکنیت کی حمایت کرسکتا ہے۔ برکس رکنیت کی پاکستانی درخواست طویل عرصے سے زیرالتوا ہے۔ برکس کا تین روزہ سربراہ اجلاس روس کے شہر کازان میں روسی صدر ولادیمیر پوتن کی میزبانی میں جاری ہے۔ برکس اجلاس میں 24 ممالک کے سربراہ شرکت کر رہے ہیں، کانفرنس میں ایران کے ساتھ اسٹریٹجک شراکت داری کے اہم معاہدے پر بھی دستخط ہوں گے۔ بھارتی میڈیا کے مطابق برکس اجلاس میں سعودی عرب کی حیثیت کو بھی واضح کیا جائے گا۔

بقیہ بقیہ جات 29

کے نام پر سیاسی پوائنٹ اسکورنگ سے گریز کیا جانا چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ آئینی ترامیم کا نام لے کر احتجاج کی باتیں کرنیوالوں کا ایجنڈا اور ہے، عوام کی خدمت کیلئے ملک کو معاشی طور پر مستحکم کرنے کا سوچیں۔ واضح رہے کہ جسٹس یحیٰی آفریدی کو خصوصی پارلیمانی کمیٹی نے دوتہائی اکثریت سے نیا چیف جسٹس آف پاکستان نامزد کیا ہے

بقیہ بقیہ جات 30

کے پینل سے ہوتی ہے، انہوں نے مزید کہا کہ ہائی کورٹ چیف جسٹس کی تعیناتی پر سنیارٹی کم فٹنس دیکھی جاتی ہے، سپریم کورٹ میں بھی گزشتہ 20 سالوں میں تعیناتیاں فٹنس کی بنیاد پر ہوئیں، پہلے بھی تین کے پینل میں سے چیف جسٹس ہائی کورٹ لگائے گئے، پہلے یہ اصول سپریم کورٹ کے ججز کی تعیناتیوں پر لاگو ہوتا آیا ہے، ہائی کورٹ کے چیف جسٹس کی تعیناتی پر بھی یہی اصول اپنایا جاتا ہے، سپریم کورٹ کے چیف جسٹس کی تعیناتی پر اس اصول میں کیا قباحت ہے، سیاست میں پولرائزیشن ہوسکتی ہے کیونکہ ملٹی پارٹی سسٹم ہوتا ہے، عدلیہ میں پولرائزیشن نہیں ہوسکتی کیونکہ یہ انصاف کا ادارہ ہے، کچھ عرصے سے سپریم کورٹ میں انتہاء کی پولرائزیشن دیکھی گئی، سپریم کورٹ کے سینیئر ججز ہائی کورٹ میں تعیناتیوں پر یہ اصول اپناتے رہے، جونیئر جج کی بطور چیف جسٹس تعیناتی پر سینیئر ز کو کیا اعتراض ہوسکتا ہے، امریکہ میں ججز کی تعیناتیوں کی منظوری کانگریس دیتی ہے، انڈیا میں سپریم کورٹ کے ججز کی تعیناتیوں کا اختیار پارلیمینٹیرینز کو ہے، انڈیا میں اراکین پارلیمنٹ ججز کی امپیچمنٹ بھی کرسکتے ہیں

بقیہ بقیہ جات 31

فیصل واوڈا نے کہا کہ اسٹیٹ بینک صارفین کے مسائل کو حل کرے۔ انہوں نے کہا کہ اسٹیٹ بینک ماضی میں بھی اپنا کردار درست ادا نہیں کر رہا تھا، میرا ذاتی تجربہ ہے کہ بینک کتنا تنگ کرتے ہیں۔ سلیم مانڈوی والا نے کہا کہ بینکوں سے متعلق متعدد شکایات آرہی ہیں، بینکوں کے خلاف کسی فورم پر شکایات حل نہیں ہوتیں۔ انہوں نے کہا کہ اسٹیٹ بینک اس طرح کے کیسز میں مداخلت کرے، مرکزی بینک کا یہ کہہ دینا آسان ہے کہ عدالت چلے جائیں۔ قائمہ کمیٹی خزانہ نے 4 ہفتوں میں اسٹیٹ بینک سے رپورٹ طلب کرلی۔

بقیہ بقیہ جات 32

ایم ڈاکٹر مہوش عروج، ڈائریکٹر سٹوڈنٹس ا?فیئر زعمارہ اویس، ڈین فیکلٹی آف الائیڈ ہیلتھ سائنسز ڈاکٹر اشفاق، ہیڈ آف ریڈیالوجی ڈیپارٹمنٹ ڈاکٹر زرین فاطمہ، ڈاکٹر انیس احمد، ڈاکٹر سینڈرا بلاک صدر ورلڈ کونسل ا?ف اپٹومیٹری یونائیٹڈ سٹیٹ آف امریکہ، ڈاکٹر محمد علی محسنی، ڈاکٹر فیصل اسماعیل سمیت ایران اور ترکیہ کے وفود نے شرکت کی۔ کانفرنس کے لیے رفاہ انٹرنیشنل یونیورسٹی، رحمان میڈیکل انسٹی ٹیوٹ، مائی فارمیسی، لاہور یونیورسٹی ا?ف بائیولوجیکل اینڈ اپلائیڈ سائنسز نے خصوصی طور پر اشتراک کیا۔ کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے صوبائی وزیر سکول ایجوکیشن و ہائر ایجوکیشن رانا سکندر حیات نے کہا کہ وزیراعلی پنجاب کے ویژن کے مطابق ہم نے پہلی بار پنجاب کے 36 اضلاع میں میرٹ پر سی ای اوز لگائے ہیں جبکہ یونیورسٹیز میں وائس چانسلرز کی تعیناتی بھی میرٹ پر کی گئی ہے۔ وزیر اعلی پنجاب مریم نواز نے اعلی تعلیم میں سبقت لیجانے والے سٹوڈنٹس کے لیے 13000 سکالرشپس متعارف کروائے ہیں۔ یونیورسٹی ا?ف لاہور میں 30 ہزار سے زائد سٹوڈنٹس زیرتعلیم ہیں جنکو اس قابل بنانا چاہیے کہ وہ کل کو بہترین ٹیچنگ گریجویٹس بن سکیں۔ انکا کہنا تھا کہ مصنوعی ذہانت کو اس دور میں نظرانداز نہیں کیا جا سکتا۔ ہر ڈسپلن میں اسکی ضرورت بڑھتی جا رہی ہے۔ الائیڈ ہیلتھ کیئر میں مصنوعی ذہانت کو شامل کرنا وقت کی ضرورت ہے۔ پنجاب کی یوتھ کے لیے اعلی تعلیم کے مواقع فراہم کرنے میں کوشاں ہیں اس کے لیے پرائیویٹ اور سرکاری یونیورسٹیز کا تعاون درکار ہے۔ یونیورسٹی آف لاہور الائیڈ ہیلتھ سائنسز میں بہترین تعلیم فراہم کررہی ہے۔ دنیا بھر میں 2 ملین سے زائد نرسز کی ضرورت ہے جس کو پورا کرنے کیلئے یونیورسٹی آف لاہور کے ساتھ دوسری پرائیویٹ و سرکاری یونیورسٹیز کو اپنا کردار ادا کرنا چاہیے۔ دنیا بھر میں انڈیا سے 25 کمپنیوں کے سی ای اوز تعینات ہیں جسکی بنیادی وجہ انکی آئی ٹی کے شعبہ میں مہارت ہے۔ جب تک پرائیویٹ و سرکاری سیکٹر یونیورسٹیز مل کر کام نہیں کریں گے ہم آگے نہیں بڑھ سکیں گے۔ چیئرمین یونیورسٹی ا?ف لاہور اویس رؤف نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ الائیڈ ہیلتھ سائنسز پر ہمارا فوکس ہے کیونکہ سب دنیا بھر میں اس شعبہ کے اندر جاب کے مواقع بہت زیادہ ہیں۔ صرف نرسنگ کے شعبہ میں 2 سے 3 ملین تک سٹاف کی ضرورت ہے جس کو پورا کرنے کے لیے یونیورسٹی آف لاہور اپنا کردار ادا کر رہی ہے باقی پرائیویٹ و سرکاری یونیورسٹیز کو بھی اس میں اپنا حصہ ڈالنا چاہیے۔ یونیورسٹی آف لاہور میں الائیڈ ہیلتھ سائنسز فیکلٹی سب سے بڑی ہے اور ہم 2025 تک الائیڈ ہیلتھ پروفیشنلز کی بڑی تعداد پروڈیوس کریں گے جو پاکستان اور بیرون ممالک اپنے فرائض سرانجام دیں گے۔ مصنوعی ذہانت کا الائیڈ ہیلتھ سائنسز پر کیا اثر ہے اسکو سمجھنے کی ضرورت ہے۔ انٹرنیشنل کانفرنس میں 20 انٹرنیشنل سپیکرز نے شرکت کی ہے۔ اویس رؤف کا کہنا تھا کہ ہم نے افریقہ کے 26 ممالک میں آنکھوں کی سرجری کی سہولت فراہم کی جس کو وہاں کے لوگوں نے بہت سراہا۔ ہماری یونیورسٹی نوجوان نسل کو اعلی تعلیم تک رسائی میں بہترین کردار ادا کر رہی ہے۔ کانفرنس سے ریکٹر پروفیسر ڈاکٹر محمد اشرف نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ مصنوعی ذہانت کے مضمون کو یونیورسٹی نے سنجیدگی سے اپنایا ہے اور سٹوڈنٹس کو اس بارے میں بہترین تعلیم دی جار ہی۔ یونیورسٹی آف لاہور ریسرچ ورک پر خصوصی فوکس کرتی ہے جس کی وجہ سے دیگر اداروں سے منفرد مقام رکھتی ہے۔ ڈین فیکلٹی آف الائیڈ ہیلتھ سائنسز ڈاکٹر اشفاق احمد نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ یونیورسٹی آف لاہور نے دوسال بعد دوسری الائیڈ ہیلتھ کانفرنس منعقد کی ہے جس میں ایران اور ترکیہ سے وفود نے شرکت کی اور اپنے علم وتحقیق سے سٹوڈنٹس کو آگاہ کریں گے۔

بقیہ بقیہ جات 33

لڑائی میں اضافے اور کسی فریق کی جانب سے اشتعال انگیزی نہ بڑھانے کے 3 اصولوں کی پاسداری کریں۔ شی نے برکس ارکان پر زور دیا کہ وہ برکس کو اختراع کے لئے تعمیر کرکے اعلیٰ معیار کی ترقی میں قائدانہ کردار ادا کریں۔ انہوں نے برکس ممالک پر زور دیا کہ وہ ماحول دوست برکس قائم کرکے پائیدار ترقی کے ماہر بنیں۔ انہوں نے کہا کہ چین، ماحول دوست صنعتوں، صاف توانائی اور ماحول دوست معدنیات میں برکس ممالک کے ساتھ تعاون وسیع کرنے کے لئے اپنے فوائد استعمال کرنے کا خواہشمند ہے۔ شی نے انصاف کے لئے برکس کی تعمیر اور عالمی حکمرانی نظام میں اصلاحات کی قیادت پر بھی زور دیا۔

بقیہ بقیہ جات 34

جدہ کی پی آئی اے کی پرواز کی روانگی میں پونے 2 گھنٹے، پشاور سے دوحہ کی پرواز کی روانگی میں ایک گھنٹہ جبکہ پشاور سے جدہ کی نجی ایئرلائن کی پرواز کی روانگی میں ایک گھنٹے تاخیر ہوئی ہے۔ لندن سے اسلام آباد کی پروازوں کی آمد وروانگی میں 2 گھنٹے، اسلام آباد سے دوشنبے کی پرواز کی آمد میں ایک گھنٹہ، اسلام آباد سے استنبول کی پرواز کی روانگی میں ایک گھنٹہ اور کراچی سے دبئی کی پرواز کی آمد وروانگی میں پونے 2 گھنٹے جبکہ کراچی سے استنبول کی پرواز سوا گھنٹہ تاخیر کا شکار رہیں۔ دوسری جانب مسافر ٹرینوں کا شیڈول بھی درہم برہم رہا۔ کئی مسافر ٹرینیں گھنٹوں تاخیر کا شکار رہیں۔ کراچی جانے والی عوامی ایکسپریس مقررہ وقت کی بجائے تقریباً چھ گھنٹے تاخیر سے منزل مقصود پر پہنچی۔ تاخیر کی وجہ سے مسافروں کو شدید مشکلات کا سامنا رہا۔

بقیہ بقیہ جات 35

سے زائد کی ریکوری کی گئی۔ سینٹرل سرکل میں 56 نادہندگان سے 27 لاکھ روپے سے زائد، ساتھ سرکل میں 49 نادہندگان سے 15 لاکھ روپے سے زائد کی ریکوری کی گئی۔ ننکانہ سرکل میں 32 نادہندگان سے 3 لاکھ روپے سے زائد اور شیخوپورہ سرکل میں 46 نادہندگان سے 9 لاکھ روپے کی ریکوری کی گئی، اوکاڑہ سرکل میں 55 نادہندگان سے 4 لاکھ روپے سے زائد جبکہ قصور سرکل میں 33 نادہندگان سے 5 لاکھ روپے سے زائد کی ریکوری کی گئی۔

بقیہ بقیہ جات 36

علی شاہ نے یوای ٹی کے طلباء کے لیے اپنی تعلیمی معاونت کو جاری رکھنے کے عزم کا اعادہ کیا۔ انہوں نے خاص طور پر قاسم علی شاہ فاؤنڈیشن کے 'تعلیم ممکن پروگرام کا ذکر کیا، جس کے ذریعے یوای ٹی کے طلباء تربیتی اور تکنیکی مہارتیں حاصل کررہے ہیں۔ ڈاکٹر شاہد منیر نے اس موقع پر کہا، "ہم قاسم علی شاہ کی تعلیمی اور فلاحی خدمات کو خراج تحسین پیش کرتے ہیں۔ ان کا کردار طلباء کی ترقی اور تربیت میں نہایت اہم ہے، اور ہم امید کرتے ہیں کہ وہ یوای ٹی کے ایلومینائی ہونے کے ناطے اپنا کردار مستقبل میں بھی ادا کرتے رہیں گے۔" قاسم علی شاہ نے بھی اس بات کی یقین دہانی کرائی کہ ان کی فاؤنڈیشن یوای ٹی کی فلاح و بہبود اور ترقی میں اپنا حصہ ڈالتی رہے گی۔

بقیہ بقیہ جات 37

نظام کے خاتمے سے ملکی معیشت پر اچھے اثرات مرتب ہونگے۔ سود کے خاتمے اور اسلامی شریعت کورٹ کی شقیں تمام دینی حلقوں کی بڑی کامیابی ہے۔

بقیہ بقیہ جات 38

نے زہریلی گولیاں کھا کر اپنی زندگی کا خاتمہ کیا۔ پولیس کارروائی کے بعد تمام میتیں مردہ خانے منتقل کر دی گئیں۔

بقیہ بقیہ جات 39

غربت کے خاتمے خاص طور پر کم ترقی یافتہ علاقوں میں غریب افراد کی مدد پر تقریباً 50 ارب یوآن (تقریباً 7 ارب امریکی ڈالر) سالانہ خرچ کئے۔ وزارت نے کہا کہ 2023 سے اب تک ملک بھر میں زلزلے، سیلاب اور دیگر قدرتی آفات سے متاثرہ افراد کی مدد کے لیے تقریباً 6 ارب یوآن کے عطیات جمع کئے گئے تھے۔

بقیہ بقیہ جات 40

بھیجے جانے والے پارسل سے 964 گرام آئس برآمد کرلی گئی۔ ادھر کوئٹہ میں کلی عمر روڈ پر گاڑی سے 50 کلو چرس برآمد کرکے ملزم کو گرفتار کرلیا گیا۔ ایم 2 لاہور پر گاڑی سے 12 کلو افیون اور 18 کلو چرس برآمد کرکے 4 ملزمان کو گرفتار کیا گیا ہے۔ گرفتار ملزمان کے خلاف انسداد منشیات ایکٹ کے تحت مقدمات درج کر کے تحقیقات کا آغاز کردیا گیا ہے۔

بقیہ بقیہ جات 41

کے ڈیٹا کیلئے بلقیس ایدھی ہوم کا وزٹ کیا، ذہنی دباؤ اور توازن برقرار نہ رہنے کیوجہ سے بچی گھر کا ایڈریس بھی بتانے سے قاصر تھا، ٹریفک ٹیم نے متعدد فالواپ سیشن کئے اور صوابی سے گھر والوں کو ڈھونڈ نکالا۔ اہل خانہ نے وزیراعلی پنجاب مریم نواز، آئی جی پنجاب اور سی ٹی او لاہور سے اظہار تشکر کیا جبکہ سی ٹی او عمارہ اطہر نے ٹیم کو نقد انعام اور تعریفی اسناد دینے کا اعلان کرتے ہوئے کہا کہ گمشدہ افراد کے لواحقین پنجاب پولیس ایپ میں میرا پیارا فیچر سے استفادہ حاصل کریں، پنجاب پولیس ایپ میں روزانہ کی بنیاد پر گمشدہ افراد کا ڈیٹا اپلوڈ کیا جارہا ہے۔

بقیہ بقیہ جات 42

واقع رفیق حریری سرکاری ہسپتال کے گردونواح کو بھی نشانہ بنایا ہے۔ اسرائیلی بربریت کے نتیجے میں ایک بچے سمیت 13 افراد ہلاک اور 57 زخمی ہوگئے ہیں۔ زخمیوں میں سے 7 کی حالت تشویشناک ہے، جبکہ اسپتال کو بھی بڑے پیمانے پر نقصان پہنچا ہے۔ اسرائیلی فوج نے گزشتہ 48 گھنٹوں میں ایک سو پندرہ فلسطینیوں کو شہید کردیا جبکہ سیکڑوں زخمی ہوگئے ہیں جنہیں طبی امداد کی فراہمی کیلئے بھی سہولیات میسر نہیں۔ صیہونی فورسز نے شمالی غزہ کو چھاؤنی بنادیا۔ امداد کی ترسیل بند اور خوراک اور دوائیں ختم ہوچکی ہیں۔

بقیہ بقیہ جات 43

میں اضافے کو واپس لیا جائے، آل پاکستان پیپرز مرچنٹس ایسوسی ایشن کاروباری حلقوں کی نمائندہ اور حقوق کی محافظ جماعت ہے جو ہر فورم پر اپنی برادری کیلئے آواز اٹھاتی ہے۔ حکومت مشکلات کا ازالہ کرے حالات کے متقاضی فیصلے کئے جائیں۔

بقیہ بقیہ جات 44

انتظامیہ نے پنڈال کے اردگرد ملحقہ سڑکوں کو خاردار تاروں سے بند کیا ہوا ہے اور سکیورٹی کے پیش نظر متعدد چیک پوسٹیں بھی قائم کردی ہیں رضا کاران ختم نبوت نے پنڈال اور سٹیج کے اردگرد سکیورٹی حصار بنا رکھا ہے پولیس انتظامیہ اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کے ایک ہزار سے زائد پولیس افسران واہلکار فول پروف سکیورٹی پر مامور ہیں داخلی مقامات پر واک تھرو گیٹس اور سی سی ٹی وی کیمرے شرکاء کی مانیٹرنگ کے لیے نصب ہیں مخصوص انٹری پوائنٹس، واک تھرو گیٹس اور فزیکل سرچنگ کے بعد شرکاء کو قطاروں میں پنڈال جانے کی اجازت ہوگی عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت کے مرکزی رہنماؤں مولانا عزیز الرحمٰن جالندھری، مولانا اللہ وسایا، مولانا محمد اسماعیل شجاع آبادی، مولانا عزیز الرحمٰن ثانی، اور کانفرنس کے عمومی نگران مولانا توصیف احمد نے کہا کہ شرکاء کانفرنس کے لیے فری ڈسپنسری، ریسکیو 1122 کی سہولت، کنٹرول روم، میڈیکل کیمپ، شکایات سیل، ٹریفک پلان، قیام گاہیں مہمانان خصوصی، سکیورٹی پلان کیمپ، فوڈ اینڈ واٹر سپلائی، رہائش اور استقبالیہ جیسے بیسیوں شعبوں کا قیام عمل میں لایا جاچکا ہے۔ کانفرنس کی متعدد نشستوں سے قائد جمعیت مولانا فضل الرحمٰن، ممتاز مذہبی سکالر مفتی تقی عثمانی مولانا قاری حنیف جالندھری، پیر حافظ ناصرالدین خاکوانی، صاحبزادہ خواجہ عزیز احمد، خانقاہ سراجیہ کندیاں کے سجادہ نشین صاحبزادہ خواجہ خلیل احمد، مولانا عبدالغفور حیدری ایم این اے، جمعیت علماء پاکستان کے صاحبزادہ مولانا ابوالخیر محمد زبیر، مولانا اویس نورانی، خواجہ مدثر محمود تونسوی، جمعیت اہلحدیث کے پروفیسر ساجد میر، متحدہ جمعیت اہلحدیث کے مولانا سید ضیاء اللہ شاہ بخاری، نامور روحانی شخصیت مولانا قاضی ارشد الحسینی، میاں محمد اجمل قادری، مولانا محب اللہ خان لورالائی، فرزند حضرت مولانا عبید اللہ انور مولانا ڈاکٹر محمد اکمل قادری ریاض سعودی عرب سے خصوصی شرکت فرمائیں گے۔ ان کے علاوہ مولانا پیر سید شاہ، مولانا خواجہ عبدالماجد صدیقی، مولانا قاضی ظہور الحسین اظہر، مولانا پیر عبدالرحیم نقشبندی، مولانا زاہد الراشدی، مو، مولانا قاری عزیز الرحمٰن رحیمی، مولانا مفتی طیب، مولان قاری یسین، مولانا زاہد محمود قاسمی، مولانا الیاس چنیوٹی ایم پی اے، مولانا قاضی مشتاق احمد، مفتی شہاب الدین پوپلزئی، مولانا قاری اکرام الحق، مولانا زبیر احمد صدیقی، مولانا اشرف علی راولپنڈی، مولانا مفتی عبدالرشید صاحب، مولانا سائیں عبدالمجیب صاحب بئر شریف، مولانا مفتی اعجاز مصطفیٰ، مولانا قاضی ابوبکر جہلم، مولانا فضل الرحمٰن درخواستی، محمد عبداللہ حمید گل، پیر سید اظہر شاہ ہمدانی، اور صاحبزادہ پیر نظام الدین سیالوی، سمیت متعدد مذہبی جماعتوں کے قائدین اور زعماء ملت خطاب کریں گے۔

بقیہ بقیہ جات 45

آپریٹنگ کے اسسٹنٹ سپروائزر جنرل انجینئر احمد علی البیز نے NDMA (این ڈی ایم اے) کے ساتھ تعاون کے پروگرام پر دستخط کئے۔ یہ 1,000 گھر، جن میں دو کمرے، ایک کچن اور ایک باتھ روم شامل ہے، تقریباً 7,000 افراد کے لیے محفوظ، رہائش فراہم کرے گا۔ یہ منصوبہ خیبر پختونخوا اور پنجاب کے سیلاب زدہ علاقوں پر مرکوز ہے، جس میں 590 گھر ڈیرہ اسماعیل خان اور 410 گھر راجن پور اور ڈیرہ غازی خان میں تعمیر کیے جائیں گے۔ اس منصوبے کے ذریعے کنگ سلمان ریلیف سینٹر سعودی عرب کی جانب سے پاکستان کی مدد کو جاری رکھنے، بحالی کی کوششوں اور پائیدار ترقی کے فروغ کے عزم کا اعادہ کرتا ہے۔

بقیہ بقیہ جات 46

یہ یاد رکھنا چاہیے سب کچھ افسران کی ملی بھگت کے بغیر ممکن نہیں۔ ٹیکس بار کے وفد سے ملاقات میں گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ سیلز ٹیکس کی ریٹرن کے ساتھ حلف نامہ اور سی ایف اوز کا حلف نامہ مانگنا محکمے کی کمزوری کو ظاہر کرتا ہے، محکمہ ٹیکس وصولی میں ناکام ہوچکا ہے اس لئے حلف نامہ مانگا جارہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ سیلز ٹیکس میں ٹیکس چوری اور فراڈ کو روکنے کے لیے ایس آر او 350 لایا گیا، تاجر دوست سکیم لائی گئی لیکن اس کے نتائج سب کے سامنے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ٹیکس بارز کا دیرینہ مطالبہ رہا ہے سیلز ٹیکس کو سنگل ڈیجٹ پر لاکر ٹیکس چوری اور ٹیکس فراڈ کو باآسانی روکا جا سکتا ہے، اس اقدام کے بغیر تمام اقدامات اور ایس آر اوز بے سود ثابت ہوں گے۔

بقیہ بقیہ جات 47

علامت ہیں، ملک کے استحکام کی خاطر متفقہ آئینی مسودہ منظور کروانے میں مولانا فضل الرحمٰن کا کلیدی کردار ہے، مولانا فضل الرحمٰن کی معاملہ فہمی اور زیرک قیادت کی بدولت ملک سیاسی اور آئینی بحران سے بچ گیا۔ انہوں نے مزید کہا کہ قائد جمعیت نے ملک کے وسیع تر مفاد میں عجلت سے اجتناب کرتے ہوئے تمام سیاسی جماعتوں کو ایک پلیٹ فارم پر اکٹھا کیا، آج ہر زبان انکے احسن کردار کی معترف ہے، اس اہم نوعیت کی آئینی ترمیم میں سود کے خاتمے سمیت دیگر اسلامی شقیں شامل کرنے پر کارکن اپنی قیادت پر فخر کرتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ کل بھی ہماری قیادت نے سیاسی اختلافات کو پس پشت ڈال ملکی مفاد میں کردار ادا کیا اور آج بھی ملکی مفاد میں کردار ادا کیا۔ مولانا فضل الرحمٰن نے اپنے مدلل موقف کی وجہ سے حکومتی اتحاد کو پہلے مسودے سے دستبردار ہونے پر قائل کیا، لچک دیکھانے پر حکومتی جماعتوں کے بھی مشکور ہیں۔

بقیہ بقیہ جات 48

جھڑپ ہوئی۔ دونوں جانب سے فائرنگ کے تبادلے میں 19 دہشت گرد مارے گئے اور سرغنہ گرفتار ہوگیا۔ گرفتار سرغنہ کی شناخت ایڈون انتونیو این کے نام سے ہوئی ہے جس کے نام کا آخری لفظ ظاہر نہیں کیا گیا البتہ یہ کہا گیا ہے کہ ایڈون انتونیو منشیات فروشی کا عالمی گروہ ایل مایو کا مقامی سربراہ تھا اور جس کے شریک بانی بدنام زمانہ گینگسٹر اسماعیل زمباڈا تھا۔ پولیس کا کہنا تھا کہ فرار ہونے والے ملزمان اسلحہ چھوڑ کر فرار ہوگئے۔ مارے گئے اہلکاروں سے 7 گاڑیاں اور تقریباً 30 ا?تشیں اسلحہ مشین گنیں، گولہ بارود اور فوجی طرز کی جیکٹیں اور ہیلمٹ قبضے میں لی گئی ہیں۔

بقیہ بقیہ جات 49

میں 31 جنوری 2025 تک ہر قسم کی آتش بازی پر سخت پابندی ہوگی۔ نوٹیفکیشن میں کہا گیا ہے کہ عوام اسموگ سے بچنے کے لیے ماسک اور دیگر حفاظتی تدابیر اختیار کریں، گھروں کی کھڑکیاں، دروازے بند رکھیں اور زیادہ دیر کھلی جگہوں پر نہ رہیں۔

بقیہ بقیہ جات 50

دی۔ انہوں نے کہا کہ ایس پی بینش فاطمہ جیسی ہونہار پولیس افسران پنجاب پولیس کا فخر اور قیمتی سرمایہ ہیں، بینش فاطمہ جیسی باصلاحیت افسران مستقبل میں پولیس لیڈرشپ کیلئے اہم رول ادا کریں گی۔ ترجمان پنجاب پولیس کے مطابق انٹرنیشنل ایسوسی ایشن آف چیفس آف پولیس ہر سال دنیا بھر کے 40 سال سے کم عمر ہزاروں امیدواروں میں سے بہترین افسران کا انتخاب کرتی ہے، اس سال بھی دنیا بھر سے اپنے اپنے شعبوں میں تعمیر وترقی اور قائدانہ کردار کے مالک 40 پولیس افسران کا انتخاب کیا گیا، انٹرنیشنل ایسوسی ایشن آف چیفس آف پولیس دنیا بھر میں پولیس لیڈرز کے حوالے سے سب سے بڑی، موثر اور پروفیشنل تنظیم ہے۔ آئی اے سی پی دنیا بھر میں مختلف کمیونٹی کے لوگوں کے تحفظ کو جدید تقاضوں سے ہم آہنگ کرنے کے نظریہ پر کاربند ہے، آئی اے سی پی کے دنیا بھر میں 34 ہزار سے زائد پولیس افسران ممبرز ہیں۔

بقیہ بقیہ جات 51

مان کے خلاف مقدمہ درج کیا گیا تھا۔ ڈی پی او نے بتایا کہ تفتیش کے بعد تینوں ملزمان کو گرفتار کر لیا گیا ہے۔ کاٹلنگ سے تعلق رکھنے والے ملزمان نے بتایا کہ خواجہ سراء معاشرے میں بے حیائی پھیلاتے ہیں اس لے انہیں قتل کر دیا۔ پولیس کی جانب سے ملزمان سے مزید تفتیش ابھی جاری ہے۔

بقیہ بقیہ جات 52

، ای سی ممبران اور سیکرٹری جنرل سجاد علی نے کیا۔ اس موقع پر مہمانوں کو گلدستہ پیش کیا۔ تقریب سے مختلف صنعتی شعبوں سے تعلق رکھنے والے عہدیداران نے خطاب کیا جن میں لیدر، ٹیکسٹائل، کینوس، کولڈ سٹور، شوز، زراعت شامل ہیں۔ تقریب میں ہر شعبے پر تفصیلی گفتگو ہوئی۔ اس موقع پر فیڈریشن کے ریجنل چیئرمین اور نائب صدر ذکی اعجاز نے ہر ممکن تعاون کی یقین دہانی کروائی اور تاجروں کو درپیش مسائل کا ہنگامی بنیادوں پر حل نکالنے کے عزم کا اظہار کیا۔ تقریب کے آخر میں صدر کاشف کھوکھر اور سینئر نائب صدر حاجی محمد اکرم زکی نے مہمانوں کو شیلڈز بھی پیش کیں۔ آخر میں ظہرانے کا بھی اہتمام کیا گیا اور گروپ فوٹو بھی لی گئی۔ مہمانوں میں FPCCI کے ریجنل چیئرمین اور نائب صدر ذکی اعجاز، امجد چوہدری، UBG کے حامد ولید، طارق محمود اور شبنم ظفر نے شرکت کی۔

بقیہ بقیہ جات 53

معاشی پالیسیز سے ہی پروان چڑھ سکتی ہے۔ ملک و قوم کو اس مشکل ترین نہج سے نکالنے کیلئے معاشی حالات کی صورتحال کو بحران سے نکالا جائے۔ وفاقی حکومت اور صوبائی حکومت تاجروں اور تجارتی مراکز کو پائیدار بنیادوں پر مسائل سے نجات دلائے تاکہ ملک ترقی کرسکے۔

بقیہ بقیہ جات 54

ستون ہے جن سے لاکھوں گھروں کو روزگار ملتا ہے۔ تاجر خوشحال ہونے اور بازار مارکیٹیں اور تجارتی مراکز کے چلنے سے ملک میں خوشحالی آئے گی غربت مہنگائی میں کمی آئے گی۔

بقیہ بقیہ جات 55

پوائنٹ ایشیا پیسفک یونائیٹڈ نیشن انسراگ اس موقع پر موجود ہیں۔ صوبائی وزیر صحت خواجہ سلمان رفیق نے کہا کہ پاکستان اس سال ایشیا پیسفک کا چیئر ہولڈر ہے اس لیے ارتھ کوئیک ایکسرسائز پاکستان میں ہے۔ باہمی تعاون سے کام کرکے ہم اپنی صلاحیتوں کو مزید بہتر کریں گے۔ پاکستان کے لئے اس ایونٹ کی میزبانی کرنا اعزاز کی بات ہے۔ خواجہ سلمان رفیق نے کہا کہ مجھے یقین ہے ہم دوسرے کی صلاحیتوں سے سیکھیں اور انسانیت کی خدمت کریں گے۔ صوبائی وزیر صحت خواجہ سلمان رفیق نے ایونٹ کے انعقاد پر ڈاکٹر رضوان نصیر اور ان کی ٹیم کو شاباش دی۔

بقیہ بقیہ جات 56

۔ دوران سماعت درخواست گزاروں کے وکیل وسیم سجاد نے موقف اپنایا کہ پرسکون زندگی ہر شہری کا آئینی حق ہے۔ جسٹس منصور علی شاہ نے ریمارکس دیے کہ کیس میں آئینی سوال ہے، 26 ویں آئینی ترمیم میں کہا گیا ہے کہ آئینی کیسز آئینی بینچز سنیں گے، اب آئینی بینچز بنیں گے اور وہی تعین کریں گے۔ جسٹس عائشہ ملک نے اپنے ریمارکس میں کہا کہ یہ کیس اہم ہے، آئینی بینچ ہی سنے گا، ہم یہ درخواستیں آئینی بینچ کو بھیج رہے ہیں۔ بعدازاں عدالت نے برطرف ملازمین بحالی کی درخواستیں آئینی بینچ کو بھیج دیں۔ واضح رہے کہ وزارت پٹرولیم نیچرل ریسورس کے 7 ملازمین نے ہائیکورٹ کے فیصلے کیخلاف سپریم کورٹ سے رجوع کیا تھا۔

بقیہ بقیہ جات 57

عاصم جاوید نے بتایا کہ نان فوڈ گریڈ پلاسٹک سے معروف برانڈز کی انتہائی ناقص پلاسٹک بوتل تیار کی جا رہی تھیں، تیار پلاسٹک بوتلوں پر تمام معروف برانڈز کی نقلی لیبلنگ لگائی جا رہی تھی، ناقص پلاسٹک بوتلوں کو جعلی ڈرنکس بنانے والے یونٹس کو سپلائی کیا جاتا تھا۔ انہوں نے کہا کہ پیکنگ میٹریل میں نان فوڈ گریڈ پلاسٹک کے استعمال پر سخت پابندی عائد ہے۔ نان فوڈ گریڈ پلاسٹک سے تیار بوتل کا استعمال انسانی صحت کے لئے انتہائی مضر ثابت ہوتا ہے۔ اشیا خورونوش کی پیکنگ کے لیے صرف فوڈ گریڈ پیکنگ کا استعمال کیا جا سکتا ہے۔ جعلی بوتلوں کو اصل جیسی نقل لیبلنگ لگا کر صارف کو دھوکہ دیا جاتا ہے۔ ڈی جی فوڈ اتھارٹی نے کہا کہ پنجاب بھر میں خوراک سے وابستہ ہر قسم کے کاروبار کو چیک کی جا رہا ہے، پنجاب کی عوام تک محفوظ خوراک کی فراہمی کے لیے تمام ممکن اقدامات کیے جا رہے ہیں، خوراک کے نام پر جعلسازی کرنے والوں کی پنجاب میں کوئی جگہ نہیں۔

بقیہ بقیہ جات 58

4528 ڈینگی کے کیسز رپورٹ ہوئے۔

بقیہ بقیہ جات 59

کی جانب سے جلد شہر میں مصنوعی بارش کرنے کیلئے اقدامات جاری ہیں۔

بقیہ بقیہ جات 60

پر گراں فروشی پائی گئی، 1216 سٹورز، دکانوں و سبزی وفروٹ سٹالز پر ریٹ لسٹ نمایاں جگہ آویزاں نہ پائی گئی۔ ڈپٹی کمشنر کے مطابق 2802 افراد کو گراں فروشی پر 01 کروڑ 54 لاکھ 08 ہزار 500 روپے کے جرمانے عائد کئے گئے۔ پرائس کنٹرول مجسٹریٹس کے سرکل اور نمبرز جاری کر دیئے گئے ہیں، دوران انسپکشن مجسٹریٹ کارڈز ساتھ رکھیں گے، شہری شکایت کی صورت میں ڈی سی آفس کے کنٹرول روم نمبر 0307-0002345 پر یا انباکس میں اطلاع دیں۔

بقیہ بقیہ جات 61

ژو، ہیفے، چھنگ ڈاؤ، ووہان، شین زین، چھنگ دو اور تی آن کے زونز شامل ہیں۔ وزارت صنعت و اطلاعاتی ٹیکنالوجی کے منصوبہ بندی محکمہ کے ڈپٹی ڈائریکٹر وو جیا شی نے امید ظاہر کی ہیکہ یہ تعاون پر مبنی جدت کا نیٹ ورک ایک کھلے اور جامع نکتہ نظر کے ذریعے چین میں مصنوعی ذہانت کی جدت کے لیے وسیع مواقع فراہم کرے گا۔

بقیہ بقیہ جات 62

شخصیات کے خلاف پروپیگنڈے پر بھی سخت کارروائی ہوگی۔ سائبر کرائمز میں ملوث افراد کو 5 تا 15 سال تک سزا اور بھاری جرمانہ عائد ہوسکیں گے، این سی آئی اے سائبر کرائمز کے خلاف کارروائی کے لیے عالمی اداروں سے رابطے کی مجاز ہوگی۔ واضح رہے کہ نگران حکومت نے دسمبر 2023 میں نیشنل سائبر کرائم انویسٹی گیشن اینڈ ایجنسی قائم کرنے کی منظوری دی تھی 3 مئی 2024 کو وفاقی حکومت نے وفاقی تحقیقاتی ادارے (ایف ا?ئی اے) سے سائبر کرائم کی تحقیقات کا اختیار واپس لے لیا تھا اور سائبر کرائم کی تحقیقات کے لیے سائبر کرائم انویسٹی گیشن ایجنسی کے نام سے الگ ادارہ قائم کردیا گیا تھا۔ بتایا گیا تھا کہ وفاقی حکومت نیشنل سائبر کرائم انویسٹی گیشن ایجنسی کے سربراہ کے لیے ایسا ڈائریکٹر جنرل تعینات کرے گی جو کم سے کم 21 گریڈ کا افسر یا 63 برس سے کم عمر ہو۔ ڈی جی کو صوبے کے ا?ئی جی کے برابر اختیارات حاصل ہوں گے جبکہ ان کے ماتحت ڈائریکٹرز، ڈپٹی ڈائریکٹرز اور اسسٹنٹ ڈائریکٹرز کام کریں گے۔

بقیہ بقیہ جات 63

ایم ڈاکٹر مہوش عروج، ڈائریکٹر سٹوڈنٹس ا?فیئر زعمارہ اویس، ڈین فیکلٹی آف الائیڈ ہیلتھ سائنسز ڈاکٹر اشفاق، ہیڈ آف ریڈیالوجی ڈیپارٹمنٹ ڈاکٹر زرین فاطمہ، ڈاکٹر انیس احمد، ڈاکٹر سینڈرا بلاک صدر ورلڈ کونسل ا?ف اپٹومیٹری یونائیٹڈ سٹیٹ آف امریکہ، ڈاکٹر محمد علی محسنی، ڈاکٹر فیصل اسماعیل سمیت ایران اور ترکیہ کے وفود نے شرکت کی۔ کانفرنس کے لیے رفاہ انٹرنیشنل یونیورسٹی، رحمان میڈیکل انسٹی ٹیوٹ، مائی فارمیسی، لاہور یونیورسٹی ا?ف بائیولوجیکل اینڈ اپلائیڈ سائنسز نے خصوصی طور پر اشتراک کیا۔ کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے صوبائی وزیر سکول ایجوکیشن و ہائر ایجوکیشن رانا سکندر حیات نے کہا کہ وزیراعلی پنجاب کے ویژن کے مطابق ہم نے پہلی بار پنجاب کے 36 اضلاع میں میرٹ پر سی ای اوز لگائے ہیں جبکہ یونیورسٹیز میں وائس چانسلرز کی تعیناتی بھی میرٹ پر کی گئی ہے۔ وزیر اعلی پنجاب مریم نواز نے اعلی تعلیم میں سبقت لیجانے والے سٹوڈنٹس کے لیے 13000 سکالرشپس متعارف کروائے ہیں۔ یونیورسٹی ا?ف لاہور میں 30 ہزار سے زائد سٹوڈنٹس زیرتعلیم ہیں جنکو اس قابل بنانا چاہیے کہ وہ کل کو بہترین ٹیچنگ گریجویٹس بن سکیں۔ انکا کہنا تھا کہ مصنوعی ذہانت کو اس دور میں نظرانداز نہیں کیا جا سکتا۔ ہر ڈسپلن میں اسکی ضرورت بڑھتی جا رہی ہے۔ الائیڈ ہیلتھ کیئر میں مصنوعی ذہانت کو شامل کرنا وقت کی ضرورت ہے۔ پنجاب کی یوتھ کے لیے اعلی تعلیم کے مواقع فراہم کرنے میں کوشاں ہیں اس کے لیے پرائیویٹ اور سرکاری یونیورسٹیز کا تعاون درکار ہے۔ یونیورسٹی آف لاہور الائیڈ ہیلتھ سائنسز میں بہترین تعلیم فراہم کررہی ہے۔ دنیا بھر میں 2 ملین سے زائد نرسز کی ضرورت ہے جس کو پورا کرنے کیلئے یونیورسٹی آف لاہور کے ساتھ دوسری پرائیویٹ و سرکاری یونیورسٹیز کو اپنا کردار ادا کرنا چاہیے۔ دنیا بھر میں انڈیا سے 25 کمپنیوں کے سی ای اوز تعینات ہیں جسکی بنیادی وجہ انکی آئی ٹی کے شعبہ میں مہارت ہے۔ جب تک پرائیویٹ و سرکاری سیکٹر یونیورسٹیز مل کر کام نہیں کریں گے ہم آگے نہیں بڑھ سکیں گے۔ چیئرمین یونیورسٹی ا?ف لاہور اویس رؤف نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ الائیڈ ہیلتھ سائنسز پر ہمارا فوکس ہے کیونکہ سب دنیا بھر میں اس شعبہ کے اندر جاب کے مواقع بہت زیادہ ہیں۔ صرف نرسنگ کے شعبہ میں 2 سے 3 ملین تک سٹاف کی ضرورت ہے جس کو پورا کرنے کے لیے یونیورسٹی آف لاہور اپنا کردار ادا کر رہی ہے باقی پرائیویٹ و سرکاری یونیورسٹیز کو بھی اس میں اپنا حصہ ڈالنا چاہیے۔ یونیورسٹی آف لاہور میں الائیڈ ہیلتھ سائنسز فیکلٹی سب سے بڑی ہے اور ہم 2025 تک الائیڈ ہیلتھ پروفیشنلز کی بڑی تعداد پروڈیوس کریں گے جو پاکستان اور بیرون ممالک اپنے فرائض سرانجام دیں گے۔ مصنوعی ذہانت کا الائیڈ ہیلتھ سائنسز پر کیا اثر ہے اسکو سمجھنے کی ضرورت ہے۔ انٹرنیشنل کانفرنس میں 20 انٹرنیشنل سپیکرز نے شرکت کی ہے۔ اویس رؤف کا کہنا تھا کہ ہم نے افریقہ کے 26 ممالک میں آنکھوں کی سرجری کی سہولت فراہم کی جس کو وہاں کے لوگوں نے بہت سراہا۔ ہماری یونیورسٹی نوجوان نسل کو اعلی تعلیم تک رسائی میں بہترین کردار ادا کر رہی ہے۔ کانفرنس سے ریکٹر پروفیسر ڈاکٹر محمد اشرف نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ مصنوعی ذہانت کے مضمون کو یونیورسٹی نے سنجیدگی سے اپنایا ہے اور سٹوڈنٹس کو اس بارے میں بہترین تعلیم دی جار ہی۔ یونیورسٹی آف لاہور ریسرچ ورک پر خصوصی فوکس کرتی ہے جس کی وجہ سے دیگر اداروں سے منفرد مقام رکھتی ہے۔ ڈین فیکلٹی آف الائیڈ ہیلتھ سائنسز ڈاکٹر اشفاق احمد نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ یونیورسٹی آف لاہور نے دوسال بعد دوسری الائیڈ ہیلتھ کانفرنس منعقد کی ہے جس میں ایران اور ترکیہ سے وفود نے شرکت کی اور اپنے علم وتحقیق سے سٹوڈنٹس کو آگاہ کریں گے۔

بقیہ بقیہ جات 64

پرسوچ سمجھ کر وفاقی حکومت کا ساتھ دیا ہے۔ جی ٹی وی سے گفتگو کرتے ہوئے رکن قومی اسمبلی مبارک زیب نے کہا کہ پی ٹی آئی نے میرے بھائی شہید ریحان زیب کے ساتھ اچھا سلوک نہیں کیا تھا، ترمیم کے لیے ووٹ دینے کے فیصلے سے ریحان زیب کی روح کو سکون مل گیا ہوگا۔ مبارک زیب نے کہا کہ وفاقی حکومت نے باجوڑ کے لیے فنڈز جاری کرنیکا وعدہ کیا ہے، وفاقی حکومت سے مشیر بنانے کا مطالبہ بھی کیا ہے، شہید ریحان زیب کے قاتلوں کی گرفتاری پر وفاقی حکومت سے بات ہوئی ہے۔ مبارک زیب نے کہا کہ میں پی ٹی آئی کے ٹکٹ پر نہیں آزاد حیثیت سے کامیاب ہوا تھا۔ پی ٹی آئی نے تو مجھے پارلیمانی پارٹی واٹس ایپ گروپ میں بھی ایڈ نہیں کیا، پی ٹی آئی کا میرے ساتھ سوتیلی ماں جیسا سلوک ہے۔ پی ٹی آئی کا یہی رویہ ہو اور وفاقی حکومت کا تعاون بھی نہ ہو تو علاقے کا کیا بنے گا؟ وزیراعلیٰ کی جانب سے علاقے کیلئے آج تک ایک پائی نہیں ملی، علی امین نے ایکسائز پولیس کی ایک خراب گاڑی دی تھی جو واپس لے لی ہے۔ انہوں نے کہا کہ میں نہ تو پی ٹی آئی سے وابستہ ہوں اور نہ دوسری سیاسی جماعت میں شرکت کی ہے۔ خیال رہے کہ رکن قومی اسمبلی مبارک زیب باجوڑ سے پی ٹی آئی کے شہید کارکن ریحان زیب کے بھائی ہیں۔ رواں برس فروری میں ہونے والے عام انتخابات کے دوران قومی اسمبلی کے حلقہ این اے باجوڑ 8 سے آزاد امیدوار ریحان زیب نامعلوم افراد کی فائرنگ سے جاں بحق ہو گئے تھے۔

بقیہ بقیہ جات 65

کی براہ راست غیرملکی سرمایہ کاری (ایف ڈی آئی) آئی جس میں صرف ستمبر میں 224.8 ملین ڈالر کا نمایاں حصہ رہا۔ گوادر پرو کے مطابق جولائی سے ستمبر 2024 کے دوران ملک کو مختلف ممالک سے مجموعی طور پر 903.5 ملین ڈالر کی براہ راست غیرملکی سرمایہ کاری موصول ہوئی جس میں چین سرفہرست ہے، جو مجموعی طور پر 44.8 فیصد ہے۔ گوادر پرو کے مطابق مزید برآں ہانگ کانگ نے اس عرصے کے دوران پاکستان کی ایف ڈی آئی میں 101.7 ملین ڈالر کا حصہ ڈالا۔ دیگر اہم سرمایہ کاری برطانیہ سے آئی، جس نے 79.8 ملین ڈالر کی سرمایہ کاری کی۔ سوئٹزرلینڈ، 32.9 ملین ڈالر کے ساتھ۔ سویڈن، 30 ملین ڈالر کا تعاون کررہا ہے۔ اور متحدہ عرب امارات، جس نے 25.5 ملین ڈالر کا اضافہ کیا۔ ایف ڈی آئی کا بقیہ حصہ مختلف دوسرے ممالک سے آیا تھا۔ ستمبر میں چین نے سب سے بڑے سرمایہ کار کی حیثیت سے اپنی حیثیت کا اعادہ کیا، جس نے 224.8 ملین ڈالر کا حصہ ڈالا، جو اس مہینے کے لئے تمام شراکت دار ممالک سے موصول ہونے والے کل 414.6 ملین ڈالر کا 44.7 فیصد ہے۔ گوادر پرو کے مطابق اس کے مقابلے میں مالی سال 2023-24 کی پہلی سہ ماہی میں چین سے براہ راست غیرملکی سرمایہ کاری 163.9 ملین ڈالر رہی۔ حالیہ اضافے سے رواں مالی سال کے دوران پاکستان میں چینی سرمایہ کاری میں 164 فیصد اضافہ ہوا ہے۔ گوادر پرو کے مطابق شعبے کے لحاظ سے توانائی کے شعبے میں سب سے زیادہ 416.3 ملین ڈالر کی سرمایہ کاری ہوئی جس میں سے ہائیڈل پاور نے 334.4 ملین ڈالر، کوئلے نے 55.9 ملین ڈالر اور تھرمل پاور نے 25.9 ملین ڈالر حاصل کیے۔ ایف ڈی آئی کی یہ زبردست آمد پاکستان کے معاشی منظرنامے کے لئے ایک مثبت اشارہ ہے، جو بین الاقوامی سرمایہ کاروں کے لئے ملک کی بڑھتی ہوئی اپیل اور سرمایہ کاروں کو فراہم کی جانے والی سہولیات کو اجاگر کرتی ہے۔

وفاقی کابینہ اداروں شخصیات کیخلاف پروپیگنڈے پر 15 سال قید

نیشنل سائبر کرائمز انویسٹی گیشن ایجنسی رولز منظور، سوشل میڈیا پر پروپیگنڈا، ہراسانی، افواہیں پھیلانے والوں کے گرد گھیرا تنگ کیا جائیگا

سائبر کرائمز میں ملوث افراد کو 5 تا 15 سال تک سزا اور بھاری جرمانہ عائد ہوسکیں گے، این سی سی آئی اے اختیارات کے ساتھ فعال

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی کابینہ نے نیشنل سائبر کرائمز انویسٹی گیشن ایجنسی رولز (این سی سی آئی اے) کی منظوری دے دی، جس کے تحت سوشل میڈیا پر پروپیگنڈا، ہراسانی اور افواہیں پھیلانے والوں کے گرد گھیرا تنگ کیا جائے گا۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق 11 ماہ بعد بالآخر این سی سی آئی اے پورے اختیارات کے ساتھ فعال ہوگئی، سائبر کرائم کے خلاف سخت کارروائی اور ڈیجیٹل رائٹس کے تحفظ کا آغاز ہوگیا، ریاستی اداروں اور سرکاری (بقیہ نمبر 62)

لاہور، وزیر ٹرانسپورٹ پنجاب بلال اکبر خان اجلاس کی صدارت کررہے ہیں

گراں فروشی پر 1 کروڑ 54 لاکھ سے زائد کے جرمانے کئے گئے، ڈپٹی کمشنر

107 مقدمات کا اندراج، 83 گرفتاریاں، 09 دکانوں کو سیل کیا گیا، رواں ماہ کی رپورٹ

لاہور (کرائم رپورٹر) ضلعی انتظامیہ کی گراں فروشوں کے خلاف کارروائیاں جاری ہیں۔ ضلعی انتظامیہ لاہور نے پرائس کنٹرول مجسٹریٹس کی رواں ماہ کی رپورٹ جاری کی ہے۔ ڈپٹی کمشنر لاہور کے مطابق پرائس کنٹرول مجسٹریٹس نے 10635 مقامات کی چیکنگ کی، 107 مقدمات کا اندراج، 83 گرفتاریاں اور 09 دکانوں کو سیل کیا گیا، 2488 مقامات (بقیہ نمبر 60)

آلودگی کے اعتبار سے لاہور دنیا میں دوسرے نمبر پر آ گیا

آنکھوں میں جلن، سانس لینے میں دشواری جیسی بیماریاں تیزی سے پھیلنے لگیں

لاہور (سٹاف رپورٹر) آلودگی کے اعتبار سے لاہور دنیا میں دوسرے نمبر پر آ گیا۔ صوبائی دارالحکومت لاہور میں آلودگی کی شرح میں مسلسل اضافہ ہونے لگا ہے اور شہر میں سموگ کی اوسط شرح 535 تک جا پہنچی۔ آلودگی کی بڑھتی شرح بیماریوں کا سبب بننے لگی، آنکھوں میں جلن، سانس لینے میں دشواری جیسی بیماریاں تیزی سے لاہور میں پھیلنے لگی ہیں۔ ضلعی انتظامیہ اور محکمہ موسمیات (بقیہ نمبر 59)

چوبیس گھنٹوں میں ڈینگی کے مزید 134 کیسز رپورٹ

رواں سال ڈینگی کیسز کی تعداد 4528 تک پہنچ گئی، ترجمان محکمہ صحت

لاہور (سٹاف رپورٹر) صوبہ بھر میں گزشتہ چوبیس گھنٹوں میں ڈینگی کے مزید 134 کیسز رپورٹ ہوئے۔ ترجمان محکمہ صحت کے مطابق راولپنڈی سے 116، لاہور سے 6، ساہیوال سے 3، اٹک سے 2، چکوال، بہاولپور، شیخوپورہ، سرگودھا، سیالکوٹ، اوکاڑہ اور گجرات سے ایک، ایک کیس رپورٹ ہوئے۔ ترجمان کے مطابق ایک ہفتہ میں 772 جبکہ رواں سال اب تک (بقیہ نمبر 58)

چین کیا اعلیٰ ٹیکنالوجی زونز مصنوعی ذہانت صنعت کی جدت کے فروغ میں تعاون کریں گے

بیجنگ (شنہوا) چین میں 11 بڑے اعلیٰ ٹیکنالوجی زونز نے ملک میں مصنوعی ذہانت کی صنعت میں جدت کو فروغ دینے کیلئے تعاون پر مبنی ایک نیٹ ورک قائم کیا ہے۔ ایک رپورٹ کے مطابق اس ہفتے کے اوائل میں بیجنگ میں اس نیٹ ورک کے قیام بارے منعقدہ ایک کانفرنس میں بتایا گیا ہے کہ نئے قائم ہونے والے نیٹ ورک میں ملک بھر کے 11 بڑے اعلیٰ ٹیکنالوجی زونز شامل ہیں۔ ان میں چین کی سیلیکون ویلی کے طور پر مشہور بیجنگ کا ژونگ گوان کن اور شنگھائی، نان جنگ، سوژو، ہانگ (بقیہ نمبر 61)

موٹر سائیکل پر خاتون کا پیچھا اور ہراساں کرنے والا ملزم گرفتار

لاہور (کرائم رپورٹر) موٹر سائیکل پر خاتون کا پیچھا اور ہراساں کرنے والے ملزم کو گرفتار کر لیا گیا۔ ترجمان سیف سٹیز کے مطابق خاتون دفتر سے گھر واپس جارہی تھی کہ موٹر سائیکل سوار نے پیچھا شروع کر دیا۔ خاتون نے الزام عائد کیا کہ ملزم نازیبا زبان استعمال کرتے ہوئے مسلسل پیچھا کرتا رہا، اسے روکنے کی کوشش کی مگر وہ باز نہ آیا۔ خاتون نے 15 کال کے ذریعے ورچوئل ویمن پولیس اسٹیشن میں شکایت درج کروائی۔ ورچوئل ویمن پولیس اسٹیشن نے فوری پولیس کو موقع پر روانہ کیا۔

ناقص پلاسٹک بوتل بنانے والا مافیا پنجاب فوڈ اتھارٹی کے شکنجے میں آ گیا

لاہور (کرائم رپورٹر) جعلی کولڈ ڈرنکس کے لیے ناقص پلاسٹک بوتل بنانے والا مافیا پنجاب فوڈ اتھارٹی کے شکنجے میں آ گیا۔ ڈی جی فوڈ اتھارٹی کے حکم پر فوڈ سیفٹی ٹیموں نے فیروز والا میں گرینڈ آپریشن کر کے 9000 معروف برانڈز کی جعلی تیار پلاسٹک بوتلیں، 1200 بوتلوں کا پری مولڈ، 368 کلو نقلی لیبلز، مولڈنگ مشینیں، ہیٹ اوون ضبط کر کے مقدمہ درج کروا دیا۔ ڈی جی فوڈ اتھارٹی (بقیہ نمبر 57)

وزیر زراعت ولائیوسٹاک پنجاب سید عاشق حسین کرمانی کا بیلاروس کے سفیر کے ہمراہ گروپ فوٹو

سپریم کورٹ نے پہلا کیس آئینی بینچ میں سماعت کیلئے بھیج دیا

کیس میں آئینی سوال، 26 ویں آئینی ترمیم میں کہا گیا کہ آئینی کیسز آئینی بینچز سنیں گے، اب آئینی بینچز بنیں گے اور وہی تعین کریں گے، جسٹس منصور

یہ کیس اہم ہے، ہم یہ درخواستیں آئینی بینچ کو بھیج رہے ہیں، جسٹس عائشہ ملک، وزارت پٹرولیم نیچرل ریسورس کے 7 ملازمین نے سپریم کورٹ سے رجوع کیا تھا

اسلام آباد (این این آئی) سپریم کورٹ آف پاکستان نے 26 ویں آئینی ترمیم کے بعد پہلا کیس آئینی بینچ میں سماعت کے لیے بھیج دیا اس ضمن میں سپریم کورٹ آف پاکستان نے وزارت پٹرولیم نیچرل ریسورس کے 7 ملازمین کی بحالی کی درخواستیں آئینی بینچ کو بھجوا دی ہیں۔ سپریم کورٹ کے جسٹس منصور علی شاہ کی سربراہی میں 3 رکنی بینچ نے وزارت پٹرولیم نیچرل ریسورس کے 7 ملازمین کی ہائی کورٹ کے فیصلے کے خلاف اپیل پر سماعت کی (بقیہ نمبر 56)

رائیونڈ، ڈپٹی کمشنر لاہور سید موسیٰ رضا ٹی ایچ کیو ہسپتال کا دورہ کر رہے ہیں

پٹرول بجلی گیس کی قیمتوں میں واضع کمی انتہائی ضروری ہے، راحیل رفیق

بازار مارکیٹیں اور تجارتی مراکز ملکی اکنامک سٹرکچر میں ریڑھ کی ہڈی کی حامل ہیں

لاہور (سٹی رپورٹر) رہنما مرکزی شاہ عالم بورڈ راحیل رفیق بٹ نے کہا ہے بازار مارکیٹیں اور تجارتی مراکز ملکی اکنامک سٹرکچر میں ریڑھ کی ہڈی کی حامل ہیں۔ ملکی نظام زندگی بزنس سیکٹر کو ریلیف ملنے سے بہترین نتائج مل سکتے ہیں۔ ملکی معیشت کو درپیش خطرات سے نکالنے کیلئے پٹرول بجلی گیس کی قیمتوں میں واضع کمی انتہائی ضروری ہے۔ تاجر اور تجارتی مراکز ملکی معیشت کا وہ اہم ترین (بقیہ نمبر 54)

غیر مستحکم معاشی حالات سے صورتحال پریشان کن ہے، معیز اللہ دیوان

بزنس کمیونٹی کو درپیش مسائل کے خاتمے کیلئے حکومت کو ہنگامی بنیادوں پر پیش رفت کرنی چاہیے

لاہور (سٹی رپورٹر) صدر منڈی بہاؤالدین چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری معیز اللہ دیوان نے کہا ہے بزنس کمیونٹی کو درپیش مسائل کے خاتمے کیلئے حکومت کو ہنگامی بنیادوں پر پیش رفت کرنی چاہیے۔ غیر مستحکم معاشی حالات سے اس وقت ملک میں جاری صورتحال پریشان کن ہے۔ ملکی معیشت اور کاروباری امور براہ راست حکومتی فیصلوں سے جڑے ہوئے ہیں۔ پاکستان کی ترقی و خوشحالی پائیدار (بقیہ نمبر 53)

ایف پی سی سی آئی یو بی جی عہدیداران کا قصور چیمبر آف کامرس کا دورہ

مقصد چیمبر کیساتھ بہترین تجارتی تعلقات قائم کرنا، مقامی تاجروں کو درپیش مسائل کا حل نکالنا تھا

لاہور (سٹی رپورٹر) فیڈریشن آف پاکستان چیمبرز آف کامرس اینڈ انڈسٹری اور یونائیٹڈ بزنس گروپ کے عہدیداران نے قصور چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کا دورہ کیا۔ دورے کا مقصد چیمبر کے ساتھ بہترین تجارتی تعلقات قائم کرنا اور مقامی تاجروں کو درپیش مسائل کا حل نکالنا تھا۔ اس موقع پر صدر قصور چیمبر کاشف کھوکھر، سینئر نائب صدر حاجی اکرم ذکی، نائب صدر جنید کھوکھر (بقیہ نمبر 52)

خواجہ سلمان رفیق کی ایشیا پیسفک ارتھ کوئیک ریسپانس ایکسرسائز میں بطور مہمان خصوصی شرکت

لاہور (این این آئی) صوبائی وزیر صحت و ایمرجنسی سروسز پنجاب خواجہ سلمان رفیق نے مقامی ہوٹل میں ایشیا پیسفک ارتھ کوئیک ریسپانس ایکسرسائز میں بطور مہمان خصوصی شرکت کی۔ 23 ممالک 274 وفود اور 30 انٹرنیشنل آرگنائزیشن ایکسرسائز میں شریک ہیں۔ یو این او چاہیڈ پاکستان کارلس گھیا، یو این انسراگ سیکرٹری وِنسٹن چانگ، سیکرٹری ایمرجنسی سروسز ڈاکٹر رضوان نصیر اور فوکل (بقیہ نمبر 55)

آئس کے ڈیلر میاں بیوی گرفتار، لاکھوں مالیت کی آئس برآمد

لاہور (کرائم رپورٹر) نصیر آباد پولیس نے نجی تعلیمی ادارے میں آئس سپلائی کرنے آئے میاں بیوی گرفتار کر لیے۔ ملزمان کو خفیہ اطلاع پر ناکہ بندی کر کے گلاب دیوی ہسپتال کے قریب سے حراست میں لیا گیا۔ ملزمان سے سکول بیگ میں رکھی ہوئی 2 کلو آئس برآمد ہوئی۔ ایس پی ماڈل ٹاؤن اخلاق اللہ تارڑ نے بتایا کہ ملزمان حمزہ اور فضاء کے خلاف مقدمہ درج کر کے انویسٹی گیشن کے حوالے کر دیا گیا۔ جبکہ ملزمان کے دیگر ساتھیوں کی گرفتاری کے لئے بھی کارروائیاں جاری ہیں۔

مردان، 2 خواجہ سراؤں کا قتل، 3 ملزمان گرفتار

مردان (این این آئی) مردان میں 2 خواجہ سراؤں کے قتل میں ملوث تینوں ملزمان کو گرفتار کر لیا گیا۔ ڈی پی او مردان ظہور بابر آفریدی نے پریس کانفرنس کرتے ہوئے بتایا کہ 21 اکتوبر کو 3 ملزمان نے 2 خواجہ سراؤں کو ان کے بالا خانے میں تیز دھار آلے سے قتل کر دیا تھا۔ انہوں نے بتایا کہ مقتولین کے ایک ساتھی نے باتھ روم میں چھپ کر جان بچائی تھی جس کی رپورٹ پر نامعلوم ملز (بقیہ نمبر 51)

لاہور، وزیر بلدیات پنجاب ذیشان رفیق آؤٹ سورسنگ ماڈل کی لانچنگ کے حوالے سے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

چینی صدر برکس تعاون میں اعلیٰ معیار کی ترقی کی حمایت کر رہے ہیں، چینی صدر

موجودہ برکس سربراہ اجلاس میں متعدد ممالک کو شراکت دار ملک بننے کی دعوت دینے کا فیصلہ ہوا، شی جن پھنگ

قازان (شنہوا) چینی صدر شی جن پھنگ نے برکس ممالک پر زور دیا ہے کہ وہ وسیع تر برکس تعاون میں اعلیٰ معیار کی ترقی کے لئے کام کریں۔ بدھ کو 16 ویں برکس سربراہ اجلاس سے خطاب میں شی نے کہا کہ موجودہ برکس سربراہ اجلاس میں متعدد ممالک کو شراکت دار ملک بننے کی دعوت دینے کا فیصلہ ہوا ہے۔ انہوں نے اس فیصلے کو برکس کی ترقی میں ایک اہم پیشرفت قرار دیا۔ شی نے برکس ارکان پر زور دیا کہ وہ کثیر جہتی طریقہ کار کو عالمی جنوب کے لئے یکجہتی اور تعاون کے طور پر قائم کریں اور عالمی حکمرانی اصلاحات میں ایک اہم قوت بنیں۔ انہوں نے برکس ممالک پر زور دیا کہ وہ امن کے لئے برکس کی تعمیر کر کے مشترکہ سلامتی کے محافظ بنیں اور یوکرین بحران جلد سے جلد ختم کرنے کے لئے جنگی میدان میں توسیع، (بقیہ نمبر 33)

مختلف وجوہات کی بناء پر 4 پروازیں منسوخ، 18 تاخیر کا شکار

ریلوے انتظامیہ کی غفلت کے باعث مسافر ٹرینیں بھی گھنٹوں تاخیر کا شکار رہیں

لاہور (نیوز رپورٹر) انتظامی مسائل کی وجہ سے 4 پروازیں منسوخ جبکہ 18 تاخیر کا شکار رہیں جبکہ ریلوے انتظامیہ کی غفلت کے باعث مسافر ٹرینیں بھی گھنٹوں تاخیر کا شکار رہیں جس کی وجہ سے مسافروں کو شدید مشکلات کا سامنا کرنا پڑا۔ ایوی ایشن حکام کے مطابق کراچی سے کوئٹہ کی پی آئی اے کی دو پروازیں منسوخ کر دی گئی ہیں جبکہ شارجہ سے کوئٹہ کی غیر ملکی ایئر لائن کی 2 پروازیں بھی منسوخ ہوگئیں۔ کراچی سے لاہور کی نجی ایئر لائن کی پرواز، کراچی سے لاہور کی پی آئی اے کی پرواز اور کراچی سے اسلام آباد کی پروازیں تاخیر کا شکار رہیں۔ کراچی سے سکھر کی پرواز کی روانگی میں ڈیڑھ گھنٹہ، ملتان سے (بقیہ نمبر 34)

لاہور، محکمہ تحفظ ماحولیات کی غفلت کے باعث جھاڑیوں میں لگائی گئی آگ سے اٹھنے والا دھواں

انسداد اسمگلنگ کارروائیوں میں ایک کروڑ سے زائد کی منشیات برآمد

گرفتار ملزمان کے خلاف انسداد منشیات ایکٹ کے تحت مقدمات درج، تحقیقات کا آغاز

لاہور (این این آئی) اینٹی نارکوٹکس فورس کی جانب سے ملک میں انسداد اسمگلنگ کی کارروائیوں کے دوران ایک کروڑ روپے سے زائد مالیت کی منشیات برآمد کر لی گئی۔ ترجمان اے این ایف کے مطابق ملک بھر میں منشیات کی اسمگلنگ کے خلاف کریک ڈاؤن کا سلسلہ جاری ہے۔ اسی دوران 5 مختلف کارروائیوں کے دوران ایک کروڑ روپے سے زائد مالیت کی 100.164 کلوگرام منشیات برآمد کر کے 7 ملزمان کو گرفتار کر لیا گیا ہے۔ وفاقی دارالحکومت اسلام آباد میں ٹی چوک پر ایک کارروائی میں گاڑی سے 9 کلو 600 گرام چرس برآمد کر لی گئی۔ اسی طرح فیض آباد کے قریب سے 2 ملزمان سے 9 کلو 600 گرام چرس برآمد ہوئی۔ دوسری جانب جڑواں شہر راولپنڈی میں واقع کوریئر آفس میں قطر (بقیہ نمبر 40)

میرا پیارا ٹیم کی کامیابی، صوابی سے بچھڑنے والی لڑکی کو اپنوں سے ملا دیا

انیسہ ذہنی طور پر مفلوج تھی، صوابی سے لاپتہ ہو کر ملتان ایدھی ہومز میں مقیم تھی، ترجمان

لاہور (کرائم رپورٹر) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز اور آئی جی پنجاب کی خصوصی ہدایت پر میرا پیارا ٹیم کی ایک اور کامیابی، 03 ماہ قبل اپنوں سے بچھڑنے والے 14 سالہ انیسہ کو والدین سے ملوا دیا۔ ترجمان کے مطابق انیسہ ذہنی طور پر مفلوج تھی، صوابی سے لاپتہ ہو کر ملتان ایدھی ہومز میں مقیم تھی، ملتان ایدھی ہومز نے چند روز قبل لاہور بلقیس ایدھی ہومز منتقل کر دیا، میرا پیارا ٹیم نے گمشدہ بچوں و افراد (بقیہ نمبر 41)

اسرائیلی فضائیہ کا لبنان کے ہسپتال پر حملہ، 13 شہید

اسرائیلی فوج نے گزشتہ 48 گھنٹوں میں ایک سو پندرہ فلسطینیوں کو شہید کیا

بیروت (این این آئی) لبنان کی وزارت صحت نے کہا ہے کہ دارالحکومت بیروت میں واقع رفیق حریری اسپتال کے نواح میں رات کے وقت اسرائیلی فضائیہ نے بمباری کی، جس کے نتیجے میں 13 افراد شہید اور 57 زخمی ہوگئے۔ بین الاقوامی خبر رساں ادارے کی رپورٹ کے مطابق لبنان وزارت صحت نے بتایا کہ اسرائیلی فضائیہ نے رات کے وقت بیروت پر فضائی حملے کیے جن میں جنہ میں (بقیہ نمبر 42)

تاجر اور صنعت کار امتیازی سلوک کا نشانہ بن رہے ہیں، ملک احد

آئی پی پیز کے ملک و قوم دشمن معاہدوں پر نظر ثانی، بجلی قیمتوں میں اضافے کو واپس لیا جائے

لاہور (سٹی رپورٹر) ای سی ممبر لاہور چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری ملک احد امین نے کہا ہے تاجر اور صنعت کار ملک میں سب سے زیادہ ٹیکس جمع کروانے کے باوجود امتیازی سلوک کا نشانہ بن رہے ہیں۔ آج ملکی حالات تقاضا کرتے ہیں حکومت سبسڈیز اور ریلیف فراہم کرے بھاری ٹیکسوں میں کمی کا اعلان کرے۔ آئی پی پیز کے ملک و قوم دشمن معاہدوں پر نظر ثانی کی جائے، بجلی کی قیمتوں (بقیہ نمبر 43)

آل پاکستان سالانہ ختم نبوت کانفرنس چناب نگر شروع

مسلم کالونی کی فضاء نعرہ تکبیر اللہ اکبر اور ختم نبوت زندہ باد کے فلک شگاف نعروں سے گونجنے لگی

لاہور (پ ر) عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت کے زیر اہتمام آل پاکستان سالانہ ختم نبوت کانفرنس چناب نگر 24 اکتوبر کو مسلم کالونی میں مفتی حسن لاہور کے درس قرآن سے بڑی عقیدت کے ساتھ شروع ہو چکی ہے ملک بھر سے لاکھوں کی تعداد میں شمع رسالت کے پروانے، کارکنان ختم نبوت اور اسلامیان پاکستان شریک ہیں ملک کے طول و عرض سے کارکنوں کے بسوں، ویگنوں اور بڑی گاڑیوں پر مشتمل قافلے پہنچ چکے ہیں مسلم کالونی کی فضاء نعرہ تکبیر اللہ اکبر اور ختم نبوت زندہ باد کے فلک شگاف نعروں سے گونج رہی ہے کانفرنس کے داخلی راستوں پر خوش آمدید کے استقبالیہ بینرز آویزاں ہیں۔ پولیس (بقیہ نمبر 44)

غزہ میں شہدا کی تدفین کے لیے تابوت اور کفن ختم

فلسطینی وزارت صحت نے لوگوں سے کپڑا عطیہ کرنے کی اپیل کردی

غزہ (این این آئی) اسرائیلی فوج کی بہیمانہ کارروائیوں کے نتیجے میں تباہ حال فلسطینیوں کو اپنے پیاروں کو دفنانے کیلئے کفن تک نہیں مل رہا۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق بے گناہ فلسطینی عوام پر پے در پے اسرائیلی حملوں میں مزید شہادتوں کا سلسلہ جاری ہے، شہیدوں کو دفنانے کیلئے تابوت اور کفن کم پڑ گئے۔ اسرائیلی فوج کی فائرنگ سے شہید ہونے والے درجنوں افراد کی لاشیں سڑکوں اور ملبے تلے بکھری پڑی ہیں۔ غزہ کی وزارت صحت کے ڈائریکٹر منیر البرش کا کہنا تھا کہ بہت سے زخمی ہماری آنکھوں کے سامنے دم توڑ چکے ہیں اور ہم ان کے لیے کچھ نہیں کر سکے، انہوں نے لوگوں سے کوئی بھی کپڑا عطیہ کرنے کی اپیل کر دی اسرائیلی فوج کی بہیمانہ کارروائیوں کے نتیجے میں تباہ حال فلسطینیوں کو اپنے پیاروں کو دفنانے کیلئے کفن تک نہیں مل رہا۔

پشاور، آل پاکستان گڈز ٹرانسپورٹ کے زیر اہتمام احتجاجی مظاہرہ کیا جا رہا ہے

فضائی آلودگی کے باعث سکول کھلنے کے وقت میں تبدیلی

صبح 8 بجکر 45 منٹ پر کھلیں گے، اسمبلی نہیں ہوگی، آؤٹ ڈور سرگرمیاں معطل

لاہور (نیوز رپورٹر) صوبائی دارالحکومت لاہور میں فضائی آلودگی کے باعث سکول کھلنے کے وقت میں تبدیلی کر دی گئی۔ محکمہ تحفظ ماحول پنجاب نے متعلقہ اداروں کو فضائی آلودگی میں اضافے کے پیش نظر ضروری اقدامات کے لیے ہدایات دی ہیں۔ بچوں کے لیے سکول صبح 8 بجکر 45 منٹ پر کھلیں گے، سکول کھلنے کا نیا وقت 28 اکتوبر تا 31 جنوری 2025 تک رہے گا۔ نوٹیفکیشن کے مطابق بچوں کی اسمبلی کلاس روم میں ہوگی اور آؤٹ ڈور سرگرمیاں معطل کرنے کی ہدایت کی گئی ہے۔ لاہور (بقیہ نمبر 49)

پنجاب پولیس کی افسر بینش فاطمہ کیلئے بین الاقوامی اعزاز

خاتون پولیس نے انٹرنیشنل ایسوسی ایشن آف چیفس آف پولیس 2024 ایوارڈ اپنے نام کرلیا

لاہور (نیوز رپورٹر) پاکستانی خاتون پولیس افسر کا شاندار اعزاز، انٹرنیشنل ایسوسی ایشن آف چیفس آف پولیس 2024 ایوارڈ اپنے نام کر لیا۔ ترجمان پنجاب پولیس کے مطابق ایس پی بینش فاطمہ واحد پاکستانی خاتون افسر ہیں جو ملک بھر کی نمائندگی کرتے ہوئے عالمی ایوارڈ کے لئے منتخب ہوئیں۔ انٹرنیشنل ایسوسی ایشن آف چیفس آف پولیس کے صدر نے بوسٹن امریکہ میں منعقدہ آئی اے سی پی 2024 کانفرنس میں ایس پی بینش فاطمہ کو بین الاقوامی ایوارڈ سے نوازا۔ آئی جی پنجاب ڈاکٹر عثمان انور نے ایس پی بینش فاطمہ کو دنیا بھر میں پاکستان اور پنجاب پولیس کا نام روشن کرنے پر مبارکباد اور شاباش (بقیہ نمبر 50)

لاہور، نومنتخب صدر ملی یکجہتی کونسل صاحبزادہ ڈاکٹر ابوالخیر محمد زبیر میڈیا سے گفتگو کر رہے ہیں

لیسکو نادہندگان سے مزید 85 لاکھ کی ریکوری کر لی گئی

نادرن سرکل میں 32 نادہندگان سے 9 لاکھ سے زائد ریکور کئے گئے ہیں

لاہور (سٹی رپورٹر) لاہور الیکٹرک سپلائی کمپنی نے نادہندگان سے ریکوری کا عمل تیز کر دیا، ایک روز کے دوران مزید 341 نادہندگان سے 85 لاکھ روپے سے زائد کی ریکوری کر لی گئی۔ نادرن سرکل میں 32 نادہندگان سے 9 لاکھ سے زائد، ایسٹرن سرکل میں 38 نادہندہ سے 10 لاکھ روپے (بقیہ نمبر 35)

موٹیویشنل سپیکر قاسم علی کی وائس چانسلر ڈاکٹر شاہد منیر سے ملاقات

قاسم علی شاہ کی تعلیمی اور فلاحی خدمات کو خراج تحسین پیش کرتے ہیں، شاہد منیر

لاہور (سٹی رپورٹر) معروف موٹیویشنل سپیکر اور تعلیمی و فلاحی رہنما قاسم علی شاہ نے یونیورسٹی آف انجینئرنگ اینڈ ٹیکنالوجی (یو ای ٹی) لاہور کا دورہ کیا۔ اس موقع پر انہوں نے یو ای ٹی کے وائس چانسلر ڈاکٹر شاہد منیر کو ان کے منصب سنبھالنے پر مبارکباد پیش کی۔ دورے کے دوران قاسم (بقیہ نمبر 36)

APERE 2024
PACIFIC EARTHQUAKE RESPONSE EXERCISE
Lahore - Pakistan
23 - 26th October, 2024

لاہور، وزیر صحت پنجاب خواجہ سلمان رفیق مقامی ہوٹل میں منعقدہ تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

الحمراء کی معروف مصورہ فریدہ بتول کیساتھ آرٹسٹ ٹاک کا انعقاد

لاہور (سٹاف رپورٹر) لاہور آرٹس کونسل الحمراء نے مشہور و معروف مصورہ فریدہ بتول کے ساتھ آرٹسٹ ٹاک کا انعقاد کیا۔ نشست میں فریدہ بتول نے اپنے کام، تجربات و مشاہدات اور انداز فکر پر گفتگو کے ساتھ ساتھ اپنے دلچسپ اور محنت طلب سفر مصوری پر روشنی ڈالتے ہوئے کہا کہ آرٹ کی بدولت معاشرے میں بقائے باہمی، رواداری، بھائی چارے اور امن و سلامتی کا پرچار ممکن ہے، ادب و مصوری لازم و ملزوم ہیں، معاشرتی مسائل نے اندرون شہر کا نقشہ تبدیل کر کے رکھ دیا ہے، بلند دیواروں، پینافلیکس، بل بورڈز نے شہر کے حسن کو متاثر کیا ہے

سودی نظام کے خاتمے سے معیشت بہتر، ملک سے نحوست کا خاتمہ ہوگا، ہشام الٰہی

لاہور (سٹاف رپورٹر) جمعیت اہلحدیث پاکستان کے صدر ڈاکٹر علامہ ہشام الٰہی ظہیر نے کہا ہے کہ سودی نظام کے خاتمے سے معیشت بہتر ہوگی اور ملک سے نحوست کا بھی خاتمہ ہوگا، وطن عزیز میں نظام عدل، قانون وسنت، بنکنگ نظام اسلامی شریعت کے مطابق ہونا چاہئے۔ انہوں نے 26 ویں آئینی ترمیم میں 2028 تک ملک سے سود کے خاتمے کو خوش آئند قرار دیتے ہوئے کہا کہ سودی (بقیہ نمبر 37)

چین میں 15 ہزار سے زائد خیراتی ادارے رجسٹرڈ ہیں

بیجنگ (شنہوا) چین میں 15 ہزار سے زائد خیراتی ادارے رجسٹرڈ ہیں جس کے مطابق یہ تعداد پانچ برس قبل کی نسبت تین گنا زائد ہے۔ وزارت شہری امور نے بدھ کو ایک پریس کانفرنس میں بتایا کہ حکومت کے پاس رجسٹرڈ خیراتی ٹرسٹ کی تعداد 2 ہزار 62 ہے جو 5 برس قبل سے 15 گنا زیادہ ہے۔ وزارت کے مطابق چین میں غربت کے خاتمے کی مہم کا اہم دور 2018 سے 2020 تک تھا۔ اس دوران ملک کی خیراتی تنظیموں نے (بقیہ نمبر 39)

مختلف واقعات کے دوران 5 افراد جان کی بازی ہار گئے

ٹرک نے فٹ پاتھ پر سوئے شخص کو کچل دیا، لیاقت آباد میں سڑک کنارے نامعلوم شخص کی لاش برآمد

لاہور (کرائم رپورٹر) صوبائی دارالحکومت لاہور میں مختلف واقعات کے دوران 5 افراد جاں بحق ہوگئے۔ پولیس کے مطابق چونگی اڈہ پلاٹ، رائیونڈ روڈ پر کوڑے کے ٹرک نے فٹ پاتھ پر سوئے شخص کو کچل ڈالا، متوفی کی شناخت 65 سالہ صدیق سلطان کے نام سے ہوئی۔ لیاقت آباد کے علاقہ میں سڑک کنارے ایک نامعلوم شخص کی لاش ملی، متوفی کی عمر 40 سال کے قریب ہے جو کہ نشے کا عادی معلوم ہوتا ہے۔ ہنجروال، نیاز بیگ چوک کے قریب نامعلوم شہری کی تشدد زدہ لاش ملی۔ پولیس کے مطابق لاش 3 سے 4 روز پرانی معلوم ہوتی ہے، سردست شناخت نہ ہو سکی۔ شادمان میں اتوار بازار کے قریب فٹ پاتھ پر معمر خاتون مردہ حالت میں ملی، 65 سالہ خاتون بظاہر بھکارن معلوم ہوتی ہے، سردست شناخت نہ ہو سکی جبکہ نواں کوٹ، جھگیاں ناگرہ میں ایک شخص نے خودکشی کر لی، 42 سالہ امتیاز (بقیہ نمبر 38)

سید سادات حسین شاہ سیاحت برائے بین المذاہب امن فورم کے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

شاہ سلمان ریلیف سینٹر کا پنجاب اور کے پی میں 1000 گھروں کی تعمیر کا اعلان

منصوبہ سیلاب متاثرین کی بحالی کا حصہ، کنگ سلمان ریلیف آپریشنز کے اسسٹنٹ سپروائزر جنرل انجینئر نے این ڈی ایم اے کیساتھ تعاون کے پروگرام پر دستخط کئے

منصوبے کے ذریعے کنگ سلمان ریلیف سینٹر سعودی عرب کی جانب سے پاکستان کی مدد کو جاری رکھنے، بحالی کی کوششوں اور پائیدار ترقی کے فروغ کے عزم کا اعادہ

اسلام آباد (سٹاف رپورٹر) کنگ سلمان ریلیف سینٹر نے 2022 کے تباہ کن سیلاب سے متاثرہ خاندانوں کے لیے خیبر پختونخوا اور پنجاب میں 1,000 مستقل گھروں کی تعمیر کے ایک بڑے اقدام کا اعلان کیا ہے۔ یہ منصوبہ کنگ سلمان ریلیف کی جانب سے کمیونٹیز کی دوبارہ تعمیر نو اور عوامی سہولتی اقدامات کے ایک وسیع سلسلے کا حصہ ہے۔ یہ اعلان 8 اکتوبر 2024 کو ہونے والی ایک تقریب کے دوران کیا گیا، جہاں کنگ سلمان ریلیف کے (بقیہ نمبر 45)

ان پٹ ختم، ریٹس سنگل ڈیجٹ میں لایا جائے، ٹیکس ایڈوائزرز ایسوسی ایشن

ریٹرن کیساتھ حلف نامہ مانگنا محکمے کی کمزوری کو ظاہر کرتا ہے، صدر عبدالغفار، جنرل سیکرٹری خواجہ ریاض

لاہور (این این آئی) پاکستان ٹیکس ایڈوائزرز ایسوسی ایشن کے صدر میاں عبدالغفار اور جنرل سیکرٹری خواجہ ریاض حسین نے کہا ہے سیلز ٹیکس فراڈ کو روکنے اور کرپشن کا خاتمہ کرنے کے لیے ان پٹ ختم کر دیں اور سیلز ٹیکس کا ریٹس 5 فیصد کر دیں، اس اقدام سے ٹیکس پیپر زفراڈ کریں گے نہ ہی افسران کرپشن کر سکیں گے، حکومت سیلز ٹیکس میں 340 ارب روپے کے فراڈ کا الزام لگاتی ہے لیکن (بقیہ نمبر 46)

لاہور، ٹیکس بار ایسوسی ایشن کے صدر شہباز صدیقی، جنرل سیکرٹری عنیب اختر انصاری و دیگر پریس کانفرنس کر رہے ہیں

قائد جمعیت سیاسی وحدت کی علامت ہیں، جے یو آئی

مولانا فضل الرحمٰن کی معاملہ فہمی اور زیرک قیادت کی بدولت ملک سیاسی اور آئینی بحران سے بچ گیا

لاہور (این این آئی) امیر جمعیت علمائے اسلام (ف) سٹی لاہور افضل خان، جنرل سیکرٹری حافظ عرفان شجاع بٹ، سالار مولانا عمیر مہمند، ڈپٹی سیکرٹری جنرل مولانا عبدالودود شاہد، صدر لائرز فورم لاہور ہاشم تہامی ایڈووکیٹ، صدر لائرز فورم سٹی لاہور فیضان شجاع بٹ ایڈووکیٹ، اور ڈپٹی سیکرٹری اطلاعات قاری منظور الحسن چترالی نے اپنے مشترکہ بیان میں کہا ہے کہ قائد جمعیت سیاسی وحدت کے (بقیہ نمبر 47)

میکسیکو میں پولیس مقابلہ، 19 منشیات فروش ہلاک، سرغنہ گرفتار

7 گاڑیوں سمیت متعدد مشین گنیں، گولہ بارود اور آتشیں اسلحہ بھی قبضے میں لے لیا

میکسیکو سٹی (این این آئی) میکسیکو کی ریاست سینالوا میں پولیس اور بین الاقوامی منشیات فروش گروہ کے درمیان فائرنگ کا شدید تبادلہ ہوا ہے۔ عالمی خبر رساں ادارے کے مطابق 30 سے زائد مسلح افراد نے میکسیکو کی ریاست سینالوا میں پولیس موبائل پر فائرنگ کر دی جس پر قریبی موجود پولیس اہلکار بھی اپنے ساتھیوں کی مدد کو آن پہنچے۔ پولیس اور منشیات فروشوں کے درمیان گھمسان کی (بقیہ نمبر 48)

Lahore Chamber of Commerce & Industry

لاہور، بلجیم کے سفیر لاہور چیمبر کے صدر میاں ابوذر شاہ اور دیگر کا گروپ فوٹو

غیر قانونی بھرتی کیس کی سماعت تیرہ نومبر تک ملتوی

لاہور (کورٹ رپورٹر) اینٹی کرپشن عدالت لاہور نے سابق وزیر اعلیٰ پنجاب چودھری پرویز الٰہی اور دیگر کے خلاف پنجاب اسمبلی میں مبینہ غیر قانونی بھرتیوں کے کیس کی سماعت 13 نومبر تک ملتوی کر دی۔ اینٹی کرپشن عدالت کے جج سردار محمد اقبال ڈوگر نے کیس پر سماعت کی۔ وکیل کی جانب سے پرویز الٰہی کی ایک روزہ حاضری معافی کی درخواست دائر کی گئی جس میں موقف اپنایا گیا کہ چوہدری پرویز الٰہی بیمار ہیں اور ڈاکٹر نے انہیں بیڈ ریسٹ کا مشورہ دے رکھا ہے

پشاور، گھر سے خاتون اور 2 بچے مردہ حالت میں برآمد

پشاور (این این آئی) پشاور کے علاقے زریاب کالونی میں واقع گھر سے خاتون اور 2 بچے مردہ حالت میں ملے ہیں۔ پولیس کے مطابق خاتون کا شوہر بیرون ملک مقیم ہے۔ پولیس کے مطابق لاشیں پوسٹ مارٹم کیلئے اسپتال منتقل کر کے تفتیش شروع کر دی ہے۔ قتل کے محرکات اور نوعیت کے حوالے سے پولیس کی جانب سے نہیں بتایا گیا ہے۔

نااہلی ریفرنس، الیکشن کمیشن کی سینیٹر سیف اللہ ابڑو کو جواب جمع کرانے کی ہدایت

اسلام آباد (این این آئی) الیکشن کمیشن نے نااہلی ریفرنس میں پی ٹی آئی کے سینیٹر سیف اللہ ابڑو کو جواب جمع کرانے کیلئے مہلت دے دی۔ چیف الیکشن کمشنر کی سربراہی میں 3 رکنی کمیشن نے سینیٹر سیف اللہ ابڑو نااہلی ریفرنس کی سماعت کی، پیپلز پارٹی کے سینیٹر شہادت اعوان اور سیف اللہ ابڑو کے وکیل الیکشن کمیشن میں پیش ہوئے۔ سیف اللہ ابڑو کے وکیل نے کمیشن کو بتایا کہ ہمیں درخواست کی نقل نہیں ملی ہمیں مہلت دی جائے۔ الیکشن کمیشن نے استدعا منظور کرتے ہوئے

نئے چیف جسٹس پاکستان کی تقریب حلف برداری کیلئے مہمانوں کی فہرست طلب

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) نئے چیف جسٹس پاکستان کی تقریب حلف (بقیہ نمبر 16)

گوادر سمارٹ انوائرمنٹ سینی ٹیشن سسٹم اور لینڈ فل پراجیکٹ تیار

گوادر (این این آئی) سی پیک فریم ورک کے تحت گوادر میونسپل کمیٹی (جی (بقیہ نمبر 17)

جسٹس منصور علی شاہ عمرے کی ادائیگی کیلئے آج سعودی عرب روانہ ہوں گے

اسلام آباد (این این آئی) سپریم کورٹ کے سینئر جج جسٹس منصور علی شاہ عمرے (بقیہ نمبر 18)

پبلشر و چیف ایڈیٹر ساجد مصطفیٰ جتوئی نے کرن ذوالفقار پرنٹنگ پریس سے چھپوا کر دفتر روزنامہ آئیڈیل پاکستان ہجویری آرکیڈ چوک کچہری ملتان سے شائع کیا 0333-9233351